روزنامہ
تعمیرِ وطن کوئٹہ
★ ABC CERTIFIED ★
Member APNS
Daily Tameer-e-Watan Quetta
جلد نمبر 27......شمارہ نمبر 356 بروز پیر 21 ستمبر 2026ء 8 ربیع الثانی 1448ھ......قیمت 7 روپے (صفحات 4) کوئٹہ اور اسلام آباد سے بیک وقت شائع ہونے والا قومی اردو روزنامہ چیف ایڈیٹر: محمد عاطف خان......ایڈیٹر: ایم ایس خان

حب، ایک نامعلوم شخص کی نعش ملی جس کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا

کوئٹہ (آن لائن) حب کے علاقے سے ایک نامعلوم شخص کی نعش ملی جس کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا پولیس کے مطابق گزشتہ روز حب پولیس کو لک لوہار پولیس چوکی کے قریب سے نامعلوم شخص کی نعش ملی جس کے جسم پر گولی کے نشان ہے نعش ہسپتال منتقل کر دی گئی جس کو ضروری کارروائی کے بعد شناخت کے لئے مردہ خانے میں رکھ دیا گیا مزید کارروائی پولیس کر رہی ہے۔

تمپ، نامعلوم موٹر سائیکل سواروں نے فائرنگ کر کے نوجوان کو قتل کر دیا

کوئٹہ (آن لائن) تمپ کے علاقے میں نامعلوم موٹر سائیکل سواروں نے فائرنگ کر کے نوجوان کو قتل کر دیا تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز تمپ کے علاقے آسیہ آباد میں نامعلوم موٹر سائیکل سواروں نے فائرنگ کر کے ایک نوجوان کو قتل کر دیا اور فرار ہو گئے نعش ہسپتال منتقل کر دی جس کو ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کر دیا گیا مزید کارروائی پولیس کر رہی ہے۔

قومی شاہراہ پر عوام کی پُر امن آمدورفت متاثر کرنے، اغوا برائے تاوان، بھتہ خوری اور گاڑیاں چھیننے کی مذموم کوشش کو سکیورٹی فورسز نے بروقت کارروائی سے ناکام بنا دیا، میر سرفراز بگٹی

وزیراعلیٰ بلوچستان کا قلات آپریشن پر اظہارِ اطمینان، سکیورٹی فورسز کو خراجِ تحسین

سکیورٹی فورسز نے پانچ دہشت گردوں کو ہلاک کیا دہشت گردوں کے ٹھکانے سے 23 مغوی افراد کو بحفاظت بازیاب کرایا، جو سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیت اور بروقت ردعمل کا ثبوت ہے

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے قلات کے قریب پاکستان ہائی وے (چمن۔کراچی، N-25) پر دہشت گردوں کے خلاف سکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائی پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے سکیورٹی فورسز کو خراجِ تحسین پیش کیا ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ سکیورٹی فورسز نے بروقت اور مؤثر کارروائی کرتے ہوئے پانچ دہشت گردوں کو ہلاک کیا اور دہشت گردوں کے ٹھکانے سے 23 مغوی افراد کو بحفاظت بازیاب کرایا، جو سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیت اور بروقت ردعمل کا ثبوت ہے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ دہشت گردوں کی جانب سے قومی شاہراہ پر عوام کی پُرامن آمدورفت متاثر کرنے، اغوا برائے تاوان، بھتہ خوری اور گاڑیاں چھیننے کی مذموم کوشش کو سکیورٹی فورسز نے بروقت (باقی صفحہ 2 نمبر 1)

علاقائی اور بین الاقوامی امن کے فروغ میں پاکستان کا حالیہ تعمیری کردار باعث اعزاز ہے، وزیراعظم



اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ علاقائی اور بین الاقوامی امن کے فروغ میں پاکستان کا حالیہ تعمیری کردار قوم کے لیے باعث اعزاز ہے۔ اقوام متحدہ کے زیر نگرانی امن مشنز میں پاکستان نے ہمیشہ ہراول دستہ کے طور پر خد (باقی صفحہ 2 نمبر 2)

قوم دہشتگردی کے خلاف جنگ میں اپنے بہادر سپوتوں کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، سرفراز بگٹی

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت بلوچستان کے اضلاع مستونگ اور چاغی میں فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائیوں پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ دہشت گردی (باقی صفحہ 2 نمبر 3)

اب صرف کھوکھلے نعروں، احتجاجی کالز اور سیاسی ڈراموں سے عوام کو گمراہ نہیں کیا جاسکتا، مینا مجید بلوچ

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کی رہنما مشیر برائے کھیل وامور نوجوانان مینا مجید بلوچ نے کہا ہے کہ نیشنل پارٹی نے ایک بار پھر کیچ کے عوام کو اپنے سیاسی مفادات کے لیے استعمال کرنے کی کوشش کی مگر کیچ کے غیور عوام نے ان کی (باقی صفحہ 2 نمبر 4)

راولپنڈی، قلات کے قریب بھارتی سرپرستی یافتہ فتنۃ الہند کے پراکسی سے تعلق رکھنے والے پانچ دہشت گرد سکیورٹی فورسز کے ہاتھوں ہلاک

ملک کو درپیش مسائل مذاکرات اور باہمی اتفاقِ رائے سے حل کیے جائیں ہڑتالوں، دھرنوں اور سڑکوں کی بندش سے یومیہ 120 ارب روپے کا معاشی نقصان ہوسکتا ہے، محمد اورنگزیب

معاشی استحکام اور ترقی کی رفتار کو خطرے میں نہیں ڈالنا چاہیے پاکستان کا معاشی سفر معاشی بحالی سے پائیدار ترقی، برآمدات اور سرمایہ کاری کی جانب جاری رکھنا ہوگا، اسلام آباد میں اہم گفتگو

احتجاج اور دھرنوں سے معیشت کو یومیہ 120 ارب کا نقصان ہوگا

وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب

رواں سال معاشی شرح نمو چار فیصد سے زائد رہنے کی توقع ہے زرمبادلہ کے ذخائر 21.4 ارب ڈالر کی بلند ترین سطح پر پہنچ گئے، مالیاتی خسارہ کم ہوکر 22 سال کی کم ترین سطح 2.6 فیصد پر آ گیا

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر خزانہ ومحصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ ملک کو درپیش مسائل مذاکرات اور باہمی اتفاق رائے سے حل کیے جائیں، ہڑتالوں، دھرنوں اور سڑکوں کی بندش سے یومیہ 120 ارب روپے کا معاشی نقصان ہوسکتا ہے، معاشی استحکام اور ترقی کی رفتار کو خطرے میں نہیں ڈالنا چاہیے، پاکستان کا معاشی سفر معاشی بحالی سے پائیدار ترقی، برآمدات اور سرمایہ کاری کی جانب جاری رکھنا ہوگا۔ اسلام آباد میں اہم گفتگو میں وزیر خزانہ محمد اورنگزیب (باقی صفحہ 2 نمبر 5)

شہریوں کو سرکاری دفاتر کے چکروں سے نجات دلانے کا اہم فیصلہ

اسلام آباد میں شہری خدمات ڈیجیٹل، پاک ایپ کے ذریعے متعدد سہولیات دستیاب

اسلام آباد (آن لائن) شہریوں کو سرکاری دفاتر کے چکروں سے نجات دلانے کے لیے کیپٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی اور میٹروپولیٹن کارپوریشن اسلام آباد نے اہم شہری خدمات کو ڈیجیٹلائز کرتے ہوئے پاک ایپ کے ذریعے آن لائن سہولیات کا آغاز کر دیا۔ ڈیجیٹل نظام کے تحت شہری اور کاروباری افراد مختلف خدمات کے لیے آن لائن درخواستیں (باقی صفحہ 2 نمبر 9)

ہرنائی، نامعلوم ملزمان نے 5 کوئلہ کانوں پر حملہ کر کے نصب مشینری کو نذرِ آتش کر کے فرار ہو گئے

کوئٹہ (آن لائن) ہرنائی کے علاقے میں نامعلوم ملزمان نے 5 کوئلہ کانوں پر حملہ کر کے نصب مشینری کو نذر آتش کر کے فرار ہوگئے پولیس ذرائع کے مطابق گزشتہ شب ہرنائی میں طالب لیز کوئلہ مائنز ایریا میں نامعلوم مسلح (باقی صفحہ 2 نمبر 8)

باقر قالیباف کی قطر اور پاکستان کے ذریعے امریکا کو پیغامات پہنچانے کی تصدیق

شرائط امریکا تک پہنچا دی ہیں اور اب وہ صدر ٹرمپ کے ردعمل کے منتظر ہیں، خطاب

تہران (آن لائن) ایرانی پارلیمان کے اسپیکر باقر قالیباف نے تصدیق کی ہے کہ ایران نے ثالثوں کے ذریعے امریکا کو پیغامات اور شرائط سے آگاہ کیا ہے۔ پارلیمنٹ میں خطاب کرتے ہوئے باقر قالیباف کا کہنا تھا کہ جنگ کی باتیں تو کی جاتی ہیں، لیکن اس کے حتمی اور مؤثر خاتمے کے لیے کوئی لائحہ عمل یا طریقہ کار موجود نہیں ہوتا۔ ان کا کہنا تھا کہ ہمیں (باقی صفحہ 2 نمبر 6)

کوہلو، نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کر کے ایک شخص کو قتل کر دیا اور فرار ہو گئے

کوئٹہ (آن لائن) کوہلو کے علاقے میں نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کر کے ایک شخص کو قتل کر دیا اور فرار ہوگئے پولیس کے مطابق گزشتہ شب کوہلو کے نواحی علاقے سنجاڑ میں مسلح افراد نے فائرنگ کر کے ایک شخص کو قتل کر دیا نعش ہسپتال منتقل کر دی گئی جس کی شناخت خان محمد کے (باقی صفحہ 2 نمبر 7)

پیپلز پارٹی عوام کے دلوں میں بستی ہے، میر لیاقت لہڑی

پاکستان پیپلز پارٹی میں شمولیت کے موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب

حکومت عوام کے مسائل حل کرنے کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے

کوئٹہ (آن لائن) پارلیمانی سیکرٹری ٹرانسپورٹ میر لیاقت لہڑی نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی کی مخلوط صوبائی حکومت عوام کے مسائل حل کرنے کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔ پیپلز پارٹی نے ہمیشہ عوام کو روٹی، کپڑا اور مکان کی فراہمی کو یقینی بنایا ہے یہی وجہ ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی عوام کے دلوں میں بستی ہے نئے شامل ہونے والے ساتھیو (باقی صفحہ 2 نمبر 11)

اسلام آباد: وزیر مملکت بلال بن ثاقب کی امریکہ کی ناظم الامور نتالی بیکر سے ملاقات کر رہے ہیں

وزیراعظم شہباز شریف نے موجودہ صورتحال میں عوام کیلئے خصوصی فیول ریلیف سکیم کا اجراء کیا، عطاء اللہ تارڑ

ہماری ذمہ داری ہے کوئی پُرتشدد جتھہ اسلام آباد نہیں آئے گا، وفاقی وزیر اطلاعات

اسلام آباد ہائی کورٹ کے واضح احکامات ہیں، انتظامیہ اس بات کو یقینی بنائے گی کہ اس میں کسی قسم کا خلل نہ آئے

وزیراعظم نے 15 سال کی بجائے 20 سال پرانی موٹر سائیکل، رکشہ اور گاڑیوں کو بھی سکیم کا حصہ بنایا، میڈیا سے بات چیت

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطا اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ پرائم منسٹر فیول ریلیف سکیم کامیابی سے جاری ہے، وزیراعظم نے خصوصی ریلیف سکیم کی ہر مرحلے پر خود نگرانی کی، اس وقت تک اسکیم کے تحت 22 لاکھ سے زائد افراد رجسٹرڈ ہو چکے ہیں، ہماری ذمہ داری ہے، کوئی پرتشدد جتھہ اسلام آباد نہیں آئے گا، سڑکوں کی بندش، عوام کی آمدورفت میں خلل کے حوالے سے اسلام آباد ہائی کورٹ کے واضح احکامات ہیں، انتظامیہ اس بات کو یقینی بنائے گی کہ اس میں کسی قسم کا خلل نہ آئے۔ میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے وزیر اطلاعات و (باقی صفحہ 2 نمبر 10)

حیدرآباد، اسلام آباد کی طرف ٹرین مارچ کے سلسلے میں ریلوے اسٹیشن پہنچنے پر امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن کارکنان کے ہمراہ مارچ پر روانہ ہو رہے ہیں

گوادر، رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ میونسپل کارپوریشن گوادر کے نئے صفائی رکشوں کا افتتاح کر رہے ہیں

این 25 پر قلات کے قریب جعلی ناکہ لگا کر گاڑیاں چھین کر اغوا برائے تاوان اور بھتہ خوری سے آمدورفت کو متاثر کرنے کی کوشش کی

قلات میں مؤثر اور بروقت کارروائی، فتنہ الہندوستان کے 5 دہشتگرد ہلاک

غیر ملکی سرپرستی و معاونت سے ہونے والی دہشت گردی کا مکمل خاتمہ کیا جائے گا، وزیراعظم، دہشتگردوں کیخلاف کامیاب کارروائی پر تحسین

راولپنڈی، قلات (آن لائن) سکیورٹی فورسز نے بلوچستان کے علاقے قلات میں مؤثر اور بروقت کارروائی کرتے ہوئے بھارت کی پراکسی تنظیم فتنہ الہندوستان سے تعلق رکھنے والے 5 دہشت گردوں کو جہنم واصل کر دیا، جبکہ 23 مغویوں کو بحفاظت بازیاب کرا لیا گیا ہے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے قلات کے قریب دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائی پر اظہار تحسین پیش کرتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا کہ غیر ملکی سرپرستی و معاونت سے ہونے والی دہشت گردی کا مکمل خاتمہ کیا جائے گا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق 18 اور 19 ستمبر کی درمیانی شب دہشت گردوں نے چمن۔ کراچی نیشنل ہائی وے این 25 پر قلات کے قریب جعلی ناکہ لگا کر گاڑیاں چھین کر اغوا برائے تاوان اور بھتہ خوری کے ذریعے پرامن آمدورفت کو متاثر کرنے کی کوشش کی۔ اطلاع ملتے ہی سکیورٹی فورسز نے فوری اور بھرپور ردعمل دیا، جس کے نتیجے میں فورسز اور (باقی صفحہ 2 نمبر 12)

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی میر عبدالقدوس بزنجو سے تعزیت

سوگوار خاندان سے اظہارِ تعزیت، مرحومین کے درجات کی بلندی اور مغفرت کی دعا

اسلام آباد / کوئٹہ (آن لائن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے سینیٹر انوار الحق کاکڑ، آغا شکیل احمد درانی اور دیگر کے ہمراہ سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان اور رکن ایوان بالا میر عبدالقدوس بزنجو سے ان کے چچا میر عبداللہ جان بزنجو اور ماموں میر اللہ داد بزنجو کے انتقال پر تعزیت اور فاتحہ خوانی کی۔ وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے مرحومین کے درجات کی بلندی اور مغفرت کے لیے دعا کی اور سوگوار خاندان کے لیے صبر جمیل کی دعا کی۔ اس موقع پر وزیر اعلیٰ نے کہا کہ غم کی اس گھڑی میں وہ میر عبدالقدوس بزنجو اور ان کے اہل خانہ کے دکھ میں برابر کے شریک ہیں۔ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور پسماندگان کو یہ صدمہ برداشت کرنے کی توفیق دے

وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال کی زیر صدارت تمام سیاسی جماعتوں کے نمائندگان کے ساتھ مشاورتی اجلاس

وفاقی حکومت کا افسر شاہی کے نظام میں بنیادی اصلاحات کیلئے بڑا فیصلہ

تعلیم وصحت میں تعلیم کی بنیاد پر بھرتیوں عہدوں اور ترقیوں کو محض سینیارٹی کے بجائے قابلیت سے مشروط کرنے کی سفارش

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی حکومت نے افسر شاہی کے نظام میں بنیادی اصلاحات کے لئے بڑا فیصلہ کرلیا ہے۔ اس مقصد کیلئے وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال کی زیر صدارت تمام سیاسی جماعتوں کے نمائندگان کے ساتھ مشاورتی اجلاس ہوا۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے احسن اقبال کی سربراہی میں سول سروسز ریفارمز پر خصوصی کمیٹی تشکیل دی تھی۔ وزیراعظم کی قائم کردہ کمیٹی نے 46 اہم سفارشات مرتب کریں۔ جاری اعلامیہ کے مطابق 46 میں سے 43 سفارشات پر مکمل اتفاق رائے قائم کرلیا گیا، وفاقی وزیر کی زیر صدارت اجلاس میں سیاسی جماعتوں اور پالیسی ماہرین کی شرکت کی۔ اجلاس میں سول سروس ریفارمز پر ایک جامع مشاورت کی گئی اور کمیٹی مجوزہ اصلاحات پانچ بنیادی اصولوں پر مبنی ہیں۔ کمیٹی نے روایتی جنرل کیڈر کے بجائے تعلیم، صحت، مالیات، آئی ٹی اور زراعت جیسے شعبوں میں متعلقہ تعلیمی پس منظر کے مطابق پیشہ ورانہ بھرتی کی سفارش کی ہے

انتشار اور فساد کی سیاست عوام مسترد کر چکے ہیں، وزیر مملکت برائے خزانہ و ریلوے

ملک کو تعمیر اور عوامی خدمت کی ضرورت ہے، بلال اظہر کیانی

چاہتے ہیں کہ خیبر پختونخواہ میں بھی ایسے بازار بنیں اور عوام کو سہولت ملے، عوامی اجتماع سے خطاب

جہلم (آن لائن) وزیر مملکت خزانہ اور ریلوے بلال اظہر کیانی نے بیوٹی فکیشن کے بعد جہلم مرکزی بازار کا افتتاح کر دیا۔ وزیر مملکت بلال اظہر کیانی نے جہلم کی سیاسی و پارٹی شخصیات، تاجر اور چیمبر کے نمائندوں، دکانداروں اور عوام کی بڑی تعداد کے ہمراہ جہلم مرکزی بازار کی بیوٹیفکیشن کی افتتاحی تختی کی نقاب کشائی کی۔ اس موقع پر اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے وزیر مملکت بلال اظہر کیانی نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا شکریہ ادا کرتے ہیں جنہوں نے جہلم کے قدیم و تاریخی بازار کو نئی شکل دی، سیوریج اور دیگر سہولیات فراہم کر کے دکانداروں اور شہریوں کو سہولت دی، بیوٹیفکیشن کے بعد بازار کو توسیع دی گئی جہاں خواتین، بچے اور بزرگ سہولت اور آسانی کے ساتھ پیدل چل سکتے۔ بلال اظہر کیانی نے کہا کہ ضلع جہلم میں دکانوں کی نیلامی کے وقت بھی مقامی دکانداروں کے حقوق اور جائز مفادات کا تحفظ یقینی بنایا

روزنامہ
تعمیرِ وطن
ABC CERTIFIED
TAMEER-E-WATAN

شہید کے خون کا ایک ایک قطرہ وطن کے تحفظ کی ضمانت

وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی شہید کیپٹن حمزہ اکرم کی رہائش گاہ پہنچے، جہاں انہوں نے شہید کے والد اور بھائی سے ملاقات کی اور دلی ہمدردی و تعزیت کا اظہار کیا۔ وفاقی وزیر داخلہ نے شہید کیپٹن حمزہ اکرم کے درجات کی بلندی کے لیے فاتحہ خوانی بھی کی، انہوں نے شہید کے والد کے بلند حوصلے اور جذبے کو سراہا۔ شہید کیپٹن حمزہ اکرم کے والد نے کہا کہ میرا بیٹا حمزہ پاکستان پر قربان ہوا، دوسرا بیٹا بھی پاکستان کے لیے حاضر ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہید حمزہ نے ہمارا سر فخر سے بلند کر دیا ہے، پاکستان ہے تو ہم ہیں، پاکستان نہیں تو کچھ نہیں۔ محسن نقوی نے کہا کہ آپ جیسے عظیم والد کے حوصلے پر پوری قوم کو ناز ہے، شہید کیپٹن حمزہ اکرم کا غیر معمولی جرات اور بلند جذبہ ہی قوم کی اصل طاقت ہے۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ کیپٹن حمزہ اکرم نے 7 خوارجیوں کو جہنم واصل کر کے بہادری کی اعلیٰ مثال قائم کی، شہید کیپٹن حمزہ اکرم سمیت ہر شہید کے خون کا ایک ایک قطرہ وطن کے تحفظ کی ضمانت ہے۔ محسن نقوی نے کہا کہ قوم شہید کیپٹن حمزہ اکرم اور ان کے خاندان کی قربانیوں کا قرض ادا نہیں کر سکتی۔ شہید کیپٹن حمزہ ہمارے دلوں میں زندہ ہیں اور ہمیشہ زندہ رہیں گے۔ واضح رہے کہ کیپٹن حمزہ اکرم ہنگو میں خوارجیوں کا بہادری سے مقابلہ کرتے ہوئے شہید ہوئے تھے۔

روزِ رواں مالی سال کے پہلے دو ماہ میں بھی یہی رجحان برقرار ہے، ترسیلاتِ زر میں مسلسل بہتری کا رجحان برقرار ہے، آئی ٹی برآمدات 4.6 ارب ڈالر سے بڑھ کر 5.5 ارب ڈالر تک پہنچنے کی توقع ہے، اشیا کی برآمدات میں بھی بہتری آنا شروع ہوگئی ہے۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ اشیا کی برآمدات میں بہتری سے کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ صفر سے ایک فیصد جی ڈی پی تک محدود رکھنے میں مدد مل رہی ہے، گزشتہ مالی سال جی ڈی پی گروتھ 3.7 فیصد رہی، رواں سال معاشی شرح نمو چار فیصد سے زائد رہنے کی توقع ہے، لارج اسکیل مینوفیکچرنگ میں گزشتہ سال نمایاں بحالی ہوئی، جولائی اور اگست میں لارج اسکیل مینوفیکچرنگ میں ماہانہ اور سالانہ بنیادوں پر اضافہ ہوا، کارپوریٹ منافع میں بھی اضافہ ہوا ہے، اسٹاک مارکیٹ میں سرمایہ کاروں، خصوصاً نوجوانوں کی شرکت میں اضافہ ہوا ہے۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ گزشتہ سال 11 آئی پی اوز ہوئے جبکہ رواں سال پہلے دو ماہ میں 5 آئی پی اوز ہو چکے ہیں، آئی پی اوز میں اضافہ کاروبار میں توسیع اور نئے یونٹس کے قیام کے لیے سرمایہ کاری کے رجحان کی علامت ہے۔ انہوں نے کہا کہ آئی پی اوز میں اضافہ کاروباری اور سرمایہ کاری کے اعتماد میں بہتری کا اہم اشارہ ہے، مشرقِ وسطیٰ اور خلیج کی صورتحال عالمی تجارت کے لیے بڑے چیلنجز کا باعث ہے۔ سپلائی چین میں خلل، فریٹ اور انشورنس اخراجات میں اضافہ عالمی تجارت کو متاثر کر رہا ہے۔ دہشت گردی کی حالیہ لہر اور قیمتی انسانی جانوں کا ضیاع بڑا نقصان ہے، پاک فوج اور سول آرمڈ فورسز دہشت گردی کے خلاف پوری طرح متحرک ہیں۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ ہڑتالوں، دھرنوں، لانگ مارچ اور سڑکوں کی بندش سے معاشی سرگرمیوں میں تعطل خود اپنے ہاتھوں سے پیدا کیا ہوا نقصان ہو سکتا ہے، ہڑتالوں، دھرنوں اور سڑکوں کی بندش سے یومیہ 120 ارب روپے کا معاشی نقصان ہو سکتا ہے، سروسز سیکٹر کو یومیہ تقریباً 86 ارب روپے نقصان کا تخمینہ ہے، صنعتی شعبے کو معاشی تعطل سے یومیہ تقریباً 25 ارب روپے نقصان کا خدشہ ہے، تعمیرات، تیار شدہ اشیا، خام مال اور سپلائی چین سے متعلق سرگرمیاں متاثر ہو سکتی ہیں، زرعی شعبے کو یومیہ تقریباً 9 ارب روپے نقصان کا تخمینہ ہے، ٹرانسپورٹ، جلد خراب ہونے والی اشیا، ڈیری سپلائی چین اور زرعی تجارت متاثر ہو سکتی ہے۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ گزشتہ دو سال میں ٹیکس محصولات میں تقریباً 40 فیصد اضافہ ہوا ہے، مالیاتی نظم و ضبط کو مستقل بنیادوں پر برقرار رکھنے میں ایف بی آر کا اہم کردار ہے، رواں سال اشیا کی برآمدات کا ہدف 32.9 ارب ڈالر مقرر ہے، اشیا کی برآمدات میں تقریباً 6 فیصد اضافے کی توقع ہے، پہلے دو ماہ میں اشیا کی برآمدات درست سمت میں آگے بڑھ رہی ہیں، اشیا کی برآمدات کا اوسط یومیہ حجم تقریباً 90 ملین ڈالر ہے۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ ماضی میں شدید رکاوٹ کی صورتحال میں برآمدات کا یومیہ حجم تقریباً 50 فیصد تک متاثر ہوا، مزید معاشی رکاوٹوں سے ملکی برآمدات اور معاشی نمو کے سفر پر نمایاں اثر پڑ سکتا ہے، آبنائے ہرمز اور باب المندب کی صورتحال پہلے ہی برآمد کنندگان اور کاروباری طبقے پر دباؤ ڈال رہی ہے، آئی ٹی برآمدات پہلے دو ماہ میں تقریباً 811 ملین ڈالر رہیں، آئی ٹی برآمدات کا یومیہ حجم تقریباً 13 ملین ڈالر ہے، رابطہ کاری یا انٹرنیٹ میں تعطل آئی ٹی برآمدات کے لیے انتہائی نقصان دہ ہو سکتا ہے، ماضی میں بدترین صورتحال میں آئی ٹی برآمدات 80 فیصد تک متاثر ہوئیں۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ اشیا اور خدمات کی برآمدات میں خلل معیشت کے لیے بڑا دھچکا ثابت ہو سکتا ہے، معاشی تعطل کا فوری بوجھ عام آدمی اور دیہاڑی دار مزدور پر پڑتا ہے، چھوٹے دکانداروں اور چھوٹے کاروباروں پر بھی معاشی تعطل کے براہِ راست اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ مجموعی تخمینے کے مطابق کہا کہ معاشی استحکام اور ترقی ...

بقیہ 01

کارروائی سے ناکام بنا دیا۔ وزیر اعلیٰ نے دہشت گردوں کے ٹھکانے سے چھ ٹرک، تین بسیں اور دو گاڑیوں سمیت بڑی تعداد میں اسلحہ، گولہ بارود اور دھماکہ خیز مواد برآمد کرنے پر بھی سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو سراہا۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ بلوچستان میں امن و امان کے قیام اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے دہشت گردی کے خلاف کارروائیاں پوری قوت کے ساتھ جاری رہیں گی۔ انہوں نے کہا کہ آپریشن "عزمِ استحکام" کے تحت دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے ریاستی ادارے متحد اور پرعزم ہیں۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ غیر ملکی سرپرستی اور معاونت سے ہونے والی دہشت گردی کے خلاف مؤثر کارروائی کے ذریعے عوام اور قومی شاہراہوں کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے گا۔

بقیہ 02

مات سرانجام دیں ہیں جو ہمارا قومی فخر ہیں۔ عالمی یومِ امن پر پیغام میں وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ آج عالمی یومِ امن پر پاکستان عالمی برادری کے ساتھ مل کر پُرامن بقائے باہمی، عالمی استحکام و سلامتی، ترقی و خوشحالی کے مساوی مواقعوں کی فراہمی اور عدل و انصاف جیسی تعمیری روایات سے اپنی وابستگی کا تجدید عزم کرتا ہے۔ علاقائی اور بین الاقوامی امن کے فروغ میں پاکستان کا حالیہ تعمیری کردار قوم کے لیے باعثِ اعزاز ہے۔ پاکستان نے پُرخلوص انداز میں تنازعات کے خاتمے، کشیدگی میں کمی اور عالمی امن کے فروغ کے لیے کاوشیں کی ہیں۔ اقوامِ متحدہ کے زیرِ نگرانی امن مشنز میں پاکستان نے ہمیشہ ہراول دستے کے طور پر خدمات سرانجام دیں ہیں جو ہمارا قومی فخر ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ اس سال یہ عالمی دن "امن میں سرمایہ کاری سب کے لیے، ہر جگہ، ہر روز" کی زیرِ عنوان منایا جا رہا ہے۔ یہ موضوع اجاگر کرتا ہے کہ امن محض جنگی تنازعات کی عدم موجودگی کا نام نہیں بلکہ اس کے حقیقی ثمرات کا اظہار عالمی اور قومی سطح پر انسانوں کی معاشی و معاشرتی آسودگی، بنیادی حقوق کے تحفظ، عزت و احترام، یکساں مواقعوں اور شمولیت سے ہوتا ہے۔ بلاامتیاز اور بلاتفریق رنگ و نسل مساویانہ معاشرتی رویہ ہی پائیدار امن کا ضامن ہے۔ یہ رویہ انفرادی اور اجتماعی سطح پر نفرت، تشدد، تعصب جیسے منفی جذبات کے سدِباب سے ہی قائم کیا جا سکتا ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ اسلامی تعلیمات اور آئینِ پاکستان انسانی وقار اور بنیادی حقوق کے تحفظ کی ضمانت کے ساتھ معاشرتی امن کی مضبوط بنیاد فراہم کرتا ہے۔ حکومت کی پالیسیز اس امر کو یقینی بنانے کے لیے کوشاں ہیں کہ تمام شہریوں، بالخصوص خواتین، بچوں، اقلیتوں، خصوصی افراد اور دیگر کمزور و محروم طبقات کے مساوی حقوق و فرائض کو مؤثر تحفظ فراہم کیا جائے۔ وزیراعظم نے کہا کہ حکومت نے قومی ایکشن پلان برائے انسانی حقوق 2026 کے ذریعے انسانی حقوق کے تحفظ اور معاشرتی ہم آہنگی کے فروغ کے لیے ایک جامع لائحہ عمل اپنایا ہے۔ اس پروگرام کا مقصد میں ملک میں بین المذاہب ہم آہنگی اور مذہبی رواداری کے فروغ، نفرت انگیز تقاریر اور امتیازی سلوک کی روک تھام، اقلیتوں اور کمزور طبقات کے تحفظ کو مضبوط بنانے، انصاف تک رسائی بہتر کرنے اور ادارہ جاتی احتساب کو مؤثر بنانے کے لیے ٹھوس اقدامات شامل ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ امن کی دائمی مضبوطی کا انحصار سماج کے اجتماعی شعور اور انفرادی فہم پر ہوتا ہے اسی تناظر میں تعلیمی نظام میں اس عنصر کی تربیت ناگزیر ہے۔ جامعات میں شہری ذمہ داری، رواداری اور تنوع کے احترام کو تقویت دینا سماجی امن کا ضامن ہے۔ قومی ایکشن پلان کے تحت انسانی حقوق اور امن کی تعلیم کو شامل کرنا ہماری اس عزم کی عکاسی کرتا ہے کہ آنے والی نسلوں میں احترام، احساس، ہمدردی اور پُرامن بقائے باہمی کی ثقافت کی حوصلہ افزائی کی جا سکے۔ وزیراعظم نے کہا کہ مزید براں، انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کے متاثرین کا تحفظ اور اداروں کی جانب سے بروقت اور مؤثر ردِعمل شہریوں کا ریاست پر اعتماد کا مظہر ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ عالمی یومِ امن پر میں تمام شہریوں سے اپیل کرتا ہوں کہ وہ نفرت، عدمِ برداشت اور امتیازی سلوک جیسی منفی اقدار کے سدِباب میں اپنا کردار ادا کریں اور دوسروں کے ساتھ ہمدردی، مکالمے اور احترام کو فروغ دیں۔ امن کی ثقافت کو مضبوط بنانا حکومتی اداروں، سول سوسائٹی، مذہبی رہنماؤں، اساتذہ،

ذرائع ابلاغ، معاشرے اور خاندان سمیت سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ اللہ تعالیٰ پاکستان اور پوری دنیا کو پائیدار امن اور خوشحالی عطا فرمائے۔ آمین

بقیہ 03

کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتیں اور قربانیاں قابلِ قدر ہیں۔ جھگلور اور جانی میں 11 دہشت گردوں کو ہلاک کر کے دہشت گردوں کے مذموم عزائم ناکام بنانا سیکیورٹی فورسز کی مؤثر کارروائی اور قومی سلامتی کے تحفظ کے عزم کا مظہر ہے۔ انہوں نے کہا کہ وطن کے بہادر سپوت اپنی جانوں کی پروا کیے بغیر دہشت گردی کے خلاف برسرِپیکار ہیں، پوری قوم سیکیورٹی فورسز کی قربانیوں اور خدمات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ فتنہ الہندوستان اور فتنہ الخوارج کے خلاف کارروائیاں قومی سلامتی کے تحفظ کے لیے جاری رہیں گی۔ دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے ریاستی ادارے اور قوم متحد ہیں اور دہشت گرد عناصر کے مذموم عزائم کو ہر سطح پر ناکام بنایا جائے گا۔ انہوں نے آپریشن روالفتنہ 3 میں حصہ لینے والے سیکیورٹی فورسز کے جوانوں کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ قوم دہشت گردی کے خلاف جنگ میں اپنے بہادر سپوتوں کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔

بقیہ 04

سیاست کو مسترد کرتے ہوئے واضح کر دیا کہ اب صرف کھوکھلے نعروں، احتجاجی کالز اور سیاسی ڈراموں سے عوام کو گمراہ نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے کہا کہ بارڈر ٹریڈ کے معاملے پر حکومت بخوبی آگاہ ہے۔ آئی جی ایف سی کی جانب سے پہلے ہی واضح کیا جا چکا ہے کہ جاگی بارڈر کھولنے کے لیے اقدامات جاری ہیں تاہم ایرانی حکام کے بعض تحفظات موجود ہیں جنہیں دونوں جانب کے حکام باہمی رابطے اور مذاکرات کے ذریعے حل کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ مینا مجید بلوچ نے کہا کہ نیشنل پارٹی نے اسی صورتحال کو سیاسی طور پر اپنے نام کرنے کی کوشش کی اور یہ تاثر دیا کہ بس ان کے مظاہرے پر بارڈر کھلوانے کے لیے عوامی طاقت کا مظاہرہ کر کے انتظامیہ کو بلیک میل کریں گے۔ تاہم بارڈر سے وابستہ لوگوں نے اس سیاست کو سمجھتے ہوئے اس کال کا ساتھ نہیں دیا۔ انہوں نے کہا کہ کاروباری طبقہ اور بارڈر سے منسلک افراد نیشنل پارٹی کی سیاسی منافقت سے واقف ہیں اور انہیں معلوم ہے کہ عوامی مسائل کو سیاسی مقاصد کے لیے استعمال کرنا نیشنل پارٹی کا پرانا وطیرہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ بارڈر کھولنے کے لیے پہلے سے عملی پیش رفت جاری ہے۔ جیرک بارڈر کے لئے ہر ہفتے کیچ کی نوبت لسٹیں جاری کی جا رہی ہیں جبکہ جاگی بارڈر کے معاملے پر دونوں جانب کے سرکاری انتظامیہ کے درمیان باقاعدہ اجلاس اور رابطے جاری ہیں۔ ایسے میں عوام کو سڑکوں پر لا کر سیاسی کریڈٹ لینے کی کوشش مسئلے کا حل نہیں بلکہ کھلی منافقت ہے۔ مینا مجید بلوچ نے کہا کہ نیشنل پارٹی کو بارڈر کے معاملے پر عوام کو گمراہ کرنے کے بجائے اپنے ماضی کے فیصلوں کا بھی جواب دینا چاہیے۔ جب یہ جماعت اقتدار میں تھی تو بارڈر سے متعلق اس کی پالیسی اور فیصلے سب کے سامنے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ڈاکٹر مالک بلوچ کا پی ٹی وی یا انٹرویو آج بھی موجود ہے عوام اسے سنیں اور خود فیصلہ کریں کہ ماضی میں بارڈر کے معاملے پر کس کا کیا مؤقف رہا ہے۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ سیاسی نعروں اور احتجاجوں کے بجائے عملی ڈیولپمنٹ کو دیکھیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ ادارے بارڈر کے مسائل کے حل کے لیے عملی طور پر کام کر رہے ہیں اس لیے عوام کو سیاسی مقاصد کے لیے استعمال ہونے سے گریز کرنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ کیچ میں آج کا ناکام احتجاج اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ عوام اب شوقیہ پرست جماعتوں کی منافقانہ سیاست سے بخوبی واقف ہو چکے ہیں اور مزید ان کے سیاسی مقاصد کے لیے کندھا بننے کو تیار نہیں۔

بقیہ 05

نے کہا کہ پاکستان کا معاشی سفر استحکام سے معاشی ترقی کی جانب گامزن ہے، زرمبادلہ کے ذخائر 21.4 ارب ڈالر کی بلند ترین سطح پر پہنچ گئے، مالیاتی خسارہ کم ہو کر 22 سال کی کم ترین سطح 2.6 فیصد پر آ گیا، محصولات میں اضافے اور اخراجات میں کمی سے مالیاتی خسارہ کم ہوا، کرنٹ اکاؤنٹ 14 سال بعد سرپلس میں آیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ مالی سال کرنٹ اکاؤنٹ تقریباً متوازن رہا،

بقیہ 01

چکی ہے اور رٹ حکومت نام کی کوئی چیز دکھائی نہیں دے رہی، شہر کے تھانوں کی کارکردگی پر گہری تشویش اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اکثر پولیس اسٹیشنوں میں جرائم کی باقاعدہ ایف آئی آر درج نہیں کی جاتی بلکہ ابتدائی رپورٹ کے نام پر سائلین کو ٹرخا دیا جاتا ہے، جو عوام کے ساتھ کھلی زیادتی اور قانون کی خلاف ورزی ہے، ڈکیتی جیسے سنگین جرم کو معمولی چوری کی واردات میں تبدیل کرنا نہ صرف مظلوم کے ساتھ ناانصافی ہے بلکہ جرائم پیشہ عناصر کی حوصلہ افزائی اور جرائم کے اصل اعداد و شمار چھپانے کے مترادف ہے، انہوں نے مطالبہ کیا کہ متعلقہ واقعے کی فوری طور پر قانون کے مطابق ایف آئی آر درج کر کے ملزمان کو گرفتار، لوٹا ہوا سامان برآمد اور ایف آئی آر کے اندراج سے گریز کرنے والے ذمہ دار اہلکاروں کے خلاف محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے، انہوں نے آئی جی پولیس بلوچستان اور دیگر متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا کہ وہ صورتحال کا فوری نوٹس لیتے ہوئے تمام تھانوں کو واضح ہدایات جاری کریں کہ ہر شہری کی شکایت پر قانون کے مطابق فوری مقدمہ درج کیا جائے اور عوام کو انصاف کے حصول میں غیر ضروری رکاوٹوں سے نجات دلائی جائے۔

بقیہ 02

ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ قدرتی آفت میں انسانی جانوں اور املاک کا نقصان انتہائی افسوسناک اور پورے معاشرے کے لیے صدمے کا باعث ہے، انہوں نے بتایا کہ واقعے کی اطلاع ملتے ہی اسسٹنٹ کمشنر شیرانی کو موقع پر بھیج کر جانی و مالی نقصانات کا تخمینہ لگانے اور متاثرین تک امدادی سامان پہنچانے کے اقدامات کیے گئے۔ ڈپٹی کمشنر نے وفد کو یقین دہانی کرائی کہ نقصانات کی مکمل رپورٹ جلد از جلد PDMA بلوچستان کو ارسال کی جائے گی تاکہ متاثرین کے لیے مزید امداد اور ضروری ریلیف کے اقدامات ممکن بنائے جا سکیں۔ وفد نے قدرتی آفت کے دوران ضلعی انتظامیہ، بالخصوص ڈپٹی کمشنر کلیم اللہ کاکڑ کی بروقت کارروائی، متاثرین کی دادرسی اور امدادی سرگرمیوں میں مثبت کردار کو سراہتے ہوئے امید ظاہر کی کہ متاثرہ خاندانوں کی بحالی اور نقصانات کے ازالے کے لیے آئندہ بھی ضلعی انتظامیہ بھرپور کردار ادا کرے۔

بقیہ 03

ن نے افرادی قوت اور مشینری کے ذریعے فتنہ الہندوستان کی دہشتگردی سے متاثرہ رابطہ پل فوری بحال کیا۔ تباہ شدہ پل کی فوری بحالی پر شہریوں نے ایف سی کے اقدام کو سراہتے ہوئے کہا کہ پل تباہ ہونے سے عوام کو مشکلات کا سامنا تھا، ایف سی نے فوری اقدامات کر کے آمد و رفت بحال کر دی۔ شہریوں کا کہنا تھا کہ مشکل حالات میں ایف سی نے بھرپور تعاون کیا، رابطہ بحال کرنے پر ایف سی حکام کے شکر گزار ہیں، ایف سی بلوچستان امن و امان کے قیام کے ساتھ ساتھ عوامی مشکلات کے ازالے اور سہولیات کی فراہمی میں بھی اہم کردار ادا کر رہی ہے۔

بقیہ 04

میر مرتضیٰ بھٹو کو ان کے یوم شہادت پر خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ شہید میر مرتضیٰ بھٹو کا قتل ایک گھناؤنی سازش تھی، سازش کا مقصد ایک بھٹو کو قتل کر کے اس کا الزام دوسرے بھٹو پر تھوپنا تھا۔ انہوں نے کہا کہ شہید میر مرتضیٰ بھٹو کے قتل کے ذریعے بھٹو خاندان کو بدنام اور شہید محترمہ بینظیر بھٹو کی حکومت گرانے کا بھونڈا جواز پیدا کرنا تھا۔ شہید میر مرتضیٰ بھٹو نے آمرانہ نظام کے خلاف جدوجہد میں اپنی زندگی وقف کر دی۔ شہید میر مرتضیٰ بھٹو نے جلاوطنی کی صعوبتیں برداشت کیں، والد، والدہ، بہن اور بھائی کے مصائب دیکھے۔ تمام مظالم اور مصائب کے باوجود میر مرتضیٰ بھٹو نے آمریت کے سامنے سر جھکانے سے انکار کیا۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ شہید میر مرتضیٰ بھٹو باہمت اور بااصول شخصیت تھے، بھٹو خاندان کی قربانیاں پاکستان کی جمہوری تاریخ کا انوٹ حصہ ہیں، آمریت کے خلاف مزاحمت کی بھاری قیمت ادا کرنے والوں کو آنے والی نسلیں کبھی فراموش نہیں کریں گی، شہید محترمہ بینظیر بھٹو نے کہا تھا کہ میر مرتضیٰ بھٹو کے قاتل بے نقاب ہوں گے اور سزا بھی پائیں گے۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ پانچ دہائیوں بعد سپریم کورٹ نے قائد عوام شہید ذوالفقار علی بھٹو کے عدالتی قتل کے داغ کو ملکی عدالتی تاریخ سے ہٹایا، مجھے یقین ہے کہ شہید میر مرتضیٰ بھٹو کو بھی انصاف ملے گا۔

بقیہ 05

گرفتاری کی تصدیق کرتے ہوئے کہا کہ اس ناجائز حکومت اور ان کے ناجائز اقتدار پر قابض ہینڈلرز نے علیمہ خانم کو ان کے گھر کے باہر سے اغوا کر لیا۔ ذرائع کے مطابق بانی پی ٹی آئی عمران خان کی ہمشیرہ علیمہ خان کو پولیس نے گرفتار کر لیا، علیمہ خان کو لاہور سے گرفتار کیا گیا۔ پی ٹی آئی آفیشل نے بانی پی ٹی آئی کی بہن علیمہ خان کی گرفتاری کی تصدیق کر دی ہے کہ لاہور اپر مال رہائش گاہ سے علیمہ خان کو گرفتار کیا گیا ہے۔ ادھر چیئرمین پاکستان تحریک انصاف بیرسٹر گوہر نے علیمہ خان کی گرفتاری کی مذمت کرتے ہوئے ان کی فوری رہائی کا مطالبہ کیا ہے اور کہا ہے کہ علیمہ خان کو گرفتار یا ایم پی او کے تحت نظر بند کرنا کشیدگی کو ہوا دینے کے مترادف ہے، حکومت تمام اقدامات فی الفور بند کرے۔ ٹویٹ کے ذریعے پیغام میں بیرسٹر گوہر نے کہا کہ علیمہ خان کی گرفتاری حالات خراب کرنے کی جانب پہلا قدم ہے، ہمارا مارچ پُرامن اور سیاسی ہوگا، کسی قسم کا تصادم یا تشدد نہیں چاہتے، آئینی و سیاسی مطالبات کے لیے پُرامن جدوجہد ہمارا مقصد ہے۔ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ علیمہ خان کو گرفتار یا ایم پی او کے تحت نظر بند کرنا کشیدگی کو ہوا دینے کے مترادف ہے، علیمہ خان کی گرفتاری کی شدید مذمت کرتے ہیں، حکومت تمام اقدامات فی الفور بند کرے، علیمہ خان کو فی الفور رہا کیا جائے، ایسے اقدامات کے خلاف پارٹی اپنا لائحہ عمل جلد دے گی۔

بقیہ 06

درج نہ کیے جانے، پولیس اہلکاروں کے ناجائز یا نامناسب رویے، رشوت اور بدعنوانی سمیت فوری نوعیت کے قابل شکایت معاملات ہیلپ لائن 1715 پر رپورٹ کر سکتے ہیں۔ عوامی شکایات کی مؤثر مانیٹرنگ اور ان پر بروقت کارروائی کو یقینی بنانے پر بھی زور دیا گیا ہے تاکہ شہریوں کو درپیش مسائل کے ازالے کے لیے فوری اقدامات کیے جا سکیں۔ شہری شکایات معلومات کے لیے درج ذیل نمبرز پر رابطہ کر سکتے ہیں: پولیس ہیلپ لائن: 1715 فون: 081-9204851، واٹس ایپ: 0304-3470110 بلوچستان پولیس نے شہریوں پر زور دیا ہے کہ وہ کسی بھی ناانصافی، بدعنوانی یا قابل شکایت معاملے پر خاموش رہنے کے بجائے متعلقہ ہیلپ لائن کے ذریعے اطلاع دیں تاکہ شکایت کا اندراج اور بروقت کارروائی ممکن بنائی جا سکے۔

بقیہ 07

کہا کہ میرا بیٹا احسان اللہ گزشتہ ڈھائی سال سے گھر سے نکلا ہے اس کو تلاش کرنے کی بہت کوشش کی لیکن تا حال اس کا کچھ معلوم نہیں ہو سکا اگر اس کا تعلق کسی مسلح تنظیم سے ہوا تو میرا اور میرے خاندان کا اس سے کوئی تعلق نہیں ہوگا۔

بقیہ 08

ن کے چیف ایگزیکٹو بلیک بیلٹ فورتھ ڈان انٹرنیشنل گولڈ میڈلسٹ رانا اعجاز احمد نے پانچویں حکیم نادر عباس تائیکوانڈو چیمپئن شپ منعقد کی جس میں مختلف کلبوں کے 170 سے زائد تائیکوانڈو پلیئرز بچوں اور بچیوں نے شرکت کی۔ تائیکوانڈو ماسٹر سراج دین نے ینگ پلیئرز میں انعامات تقسیم کیے۔ بلیک بیلٹ فورتھ ڈان (ڈبلیو ٹی ایف، کوریا) ہوپسے کوچ خاور محمود نے بطور ریفری جج پروفیشنل انداز میں مقابلے کرائے۔ تائیکوانڈو چیمپئن شپ میں نوجوان کھلاڑیوں نے بھرپور جوش، عزم اور بہترین کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے شائقین کو متاثر کیا۔ مختلف کیٹیگریز میں شریک کھلاڑیوں نے اپنی فنی مہارت اور مضبوط دفاعی و جارحانہ حکمت عملی کا شاندار مظاہرہ کیا۔ نیشنل تائیکوانڈو کلب لاہور کے ینگ پلیئرز حاد شاہد اور حرم نے گولڈ میڈلز جبکہ حسان شاہد اور عباد عادل مرزا نے سلور میڈلز حاصل کیے۔ مقابلوں کے دوران نوجوان کھلاڑیوں نے سخت حریفوں کا ڈٹ کر مقابلہ کیا اور کامیابیاں اپنے نام کیں۔ کوچز اور منتظمین نے نوجوان کھلاڑیوں کی کارکردگی کو سراہا جبکہ کھلاڑیوں نے بھی مستقبل میں مزید محنت کرنے اور ملکی و بین الاقوامی سطح پر اپنے ملک کا نام روشن کرنے کے عزم کا اظہار کیا۔ اس موقع پر بلیک بیلٹ فورتھ ڈان (ڈبلیو ٹی ایف، کوریا) ہوپسے کوچ خاور محمود نے نوجوان پلیئرز کے بیلٹ پروموشن ٹیسٹ بھی لیے، پلیئر حاد شاہد اور حسان شاہد نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے بلیو بیلٹ جبکہ حرم نے عمدہ پرفارم کر کے بلیک بیلٹ حاصل کی۔ تائیکوانڈو ماسٹر سراج دین اور قصور سے تعلق رکھنے والے تائیکوانڈو ماسٹر امین کمانڈو نے بیلٹ ٹیسٹ پاس کرنے والے نوجوان پلیئرز میں بیلٹ اور سرٹیفکیٹ تقسیم کیے۔

بقیہ 09

کی جائے۔ ترجمان نے کہا کہ ہائی وے گڈز ٹرانسپورٹ ملک کے سپلائی سسٹم میں بنیادی کردار ادا کرتی ہے۔ ملک بھر میں آٹا، چینی، سبزیاں، پھل، دالیں، خوردنی اشیاء اور دیگر ضروری سامان ایک شہر سے دوسرے شہر اور مختلف صوبوں تک پہنچانے کے لیے بڑی تعداد میں ٹرک، ٹرالر، مزدا اور دیگر مال بردار گاڑیاں استعمال ہوتی ہیں، اور یہ تمام ٹرانسپورٹ بڑی حد تک ڈیزل پر چلتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہائی وے ٹرانسپورٹ میں ایندھن کا خرچ بہت زیادہ ہوتا ہے۔ جب ڈیزل مہنگا ہوتا ہے تو اس کا براہ راست اثر مال برداری کے کرایوں اور بالآخر اشیائے خورد و نوش کی قیمتوں پر پڑتا ہے۔ لہٰذا اگر حکومت واقعی عوام کو ریلیف دینا چاہتی ہے تو ڈیزل کی قیمت میں مزید اور حقیقی معنوں میں کمی کی جائے، تاکہ اس کا فائدہ صرف ٹرانسپورٹرز تک محدود نہ رہے بلکہ اشیائے خورد و نوش اور دیگر ضروری سامان کی قیمتوں میں بھی عوام کو ریلیف مل سکے۔ ترجمان نے کہا کہ موٹر سائیکل سواروں، کار مالکان یا مخصوص افراد کو ایس ایم ایس، رجسٹریشن یا کسی نمبر پر درخواست دینے کے بعد چند سو، ایک ہزار یا چند ہزار روپے دینا عوام کے لیے مستقل اور جامع ریلیف نہیں۔ حقیقی ریلیف وہ ہے جو بلا امتیاز پورے عوام کو براہ راست ملے۔ انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ سبسڈی کے نام پر عوام کو مختلف مراحل اور دفتری چکروں میں ڈالنے کے بجائے ڈیزل کی فی لیٹر قیمت کو جتنا ممکن ہو کم کیا جائے۔ اس اقدام سے ہائی وے گڈز ٹرانسپورٹ کے اخراجات کم ہوں گے، مال برداری کا نظام بہتر ہوگا اور ضروری اشیاء کی قیمتوں میں کمی لانے میں مدد ملے گی۔ بلوچستان گڈز ٹرک اونرز ایسوسی ایشن نے وزیراعظم پاکستان اور متعلقہ ذمہ داران سے اپیل کی کہ عوام کو حقیقی ریلیف دیا جائے، شفافیت کو یقینی بنایا جائے، کرپشن اور غیر ضروری اخراجات کا خاتمہ کیا جائے اور ڈیزل و پیٹرول کی قیمتوں میں عملی اور واضح کمی کی جائے، کیونکہ یہی ایسا ریلیف ہے جس کا فائدہ پورے عوام کو براہ راست پہنچ سکتا ہے۔

بقیہ 10

مندوخیل شامل تھے۔ وفد نے ڈی جی ایگریکلچر انجینئرنگ کو ڈپلومہ انجینئرنگ کے پروموشن کے مطالبات تحریری طور پر دیے صوبائی جنرل سیکرٹری حاجی ابراہیم زہری نے بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ ڈپلومہ انجینئرز ایگریکلچر انجینئرنگ کے پروموشن کوٹہ 17 فیصد کو 2020 میں ختم کر دیا گیا ہے جس کے تمام نقصانات کے اثرات ڈپلومہ انجینئرز پر پڑے ہیں حالانکہ صوبے کے تمام ٹیکنیکل ڈیپارٹمنٹ میں ڈپلومہ انجینئرز کے سروس رولز میں اسسٹنٹ انجینئرز کے گریڈ 17 کے پروموشن برقرار ہیں۔ ڈی جی ایگریکلچر انجینئرنگ آغا علی رضا نے کہا کہ اسسٹنٹ انجینئرز گریڈ 17 میں پروموشن کے کوٹے کو دوبارہ بحال کیا جائے گا اور گریڈ 16 کے پچیس فیصد کوٹے پر عملدرآمد کیا جائے گا جس پر حاجی ابراہیم زہری اور وفد نے ڈی جی کا شکریہ ادا کیا اور امید ظاہر کی کہ ڈپلومہ انجینئرز کے مطالبات پر عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے گا۔

بقیہ 11

کے پر حملے کے اطلاعات موصول ہوئے۔ شدید فائرنگ کے باعث شہریوں میں خوف و ہراس پھیلنے سے بازار میں بھگدڑ مچ گئی، دکانیں بند ہو گئے لوگ پیدل، موٹر سائیکلوں اور گاڑیوں کے ذریعے بازار سے نکل گئے، شہری اپنے گھروں میں محصور ہو کر رہ گئے۔

بقیہ 12

اور جذبات کا مرکز ہے۔ مقدس مقامات کی حرمت و تقدس پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جا سکتا۔ رہنماؤں نے کہا کہ حرمین شریفین کی سلامتی پوری امت مسلمہ کے لیے انتہائی اہمیت رکھتی ہے، اس لیے مقدس مقامات کو کسی بھی قسم کی کشیدگی، تنازع یا عسکری کارروائی سے محفوظ رکھنا تمام فریقین کی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کی طرف اٹھنے والا ہر جارحانہ قدم امت مسلمہ کے لیے شدید تشویش کا باعث ہے اور مقدس مقامات کے امن و سلامتی کو نقصان پہنچانے والی ہر کوشش کی بھرپور مذمت کی جائے گی۔ سنی علماء کونسل کوئٹہ کے رہنماؤں نے عالمی برادری اور مسلم ممالک سے مطالبہ کیا کہ حرمین شریفین کے تحفظ، تقدس اور سلامتی کو یقینی بنانے کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں۔

بقیہ 13

کی اور موٹر سائیکل سوار ہلاک ہو گیا حادثے کی اطلاع ملتے ہی فائر بریگیڈ کے عملے نے موقع پر پہنچ کر آگ پر قابو پا لیا۔

بقیہ 14

سے خطاب کرتے ہوئے شرکاء نے کہا کہ چوری، ڈکیتی اور لوٹ مار کی مسلسل وارداتوں کے باعث عوام شدید خوف و تشویش میں مبتلا ہیں۔ شہر کی گلیاں، بازار، شاہراہیں اور دیہی راستے سمیت شہریوں کے گھر اور دوران سفر بھی خود کو محفوظ تصور نہیں کرتے۔ شرکاء کا کہنا تھا کہ مسلح افراد میدیہ طور پر شاہراہوں اور مختلف مقامات پر وارداتیں کر کے شہریوں سے قیمتی سامان، نقدی اور دیگر اشیاء چھین کر فرار ہو جاتے ہیں۔ شرکاء نے امن و امان کی صورتحال پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے مطالبہ کیا کہ عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے مؤثر اور عملی اقدامات کیے جائیں، شاہراہوں، بازاروں اور حساس مقامات پر سیکیورٹی کا نظام مؤثر بنایا جائے اور وارداتوں میں ملوث عناصر کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے۔ جرگے کے شرکاء نے کہا کہ عوام طویل عرصے سے بدامنی کے خاتمے اور تحفظ کی توقعات وابستہ کیے ہوئے ہیں، اس لیے متعلقہ حکام کو محض بیانات کے بجائے عملی اقدامات اٹھانے ہوں گے۔ جرگے کے اختتام پر قبائلی معتبرین اور سیاسی و سماجی شخصیات پر مشتمل ایک رابطہ کمیٹی تشکیل دی گئی، جو موجودہ صورتحال کا جائزہ لے کر آئندہ کا لائحہ عمل طے کرے گی اور امن و امان کے مسئلے کے حل کے لیے متعلقہ حکام سے رابطہ کرے گی۔

بقیہ 15

پولیس کے مطابق گزشتہ روز ہزار گنجی کے علاقے میں فروٹ منڈی کے قریب واقع ہوٹل سے پرانی نعش ملی جس کے گلے میں پھندا لگا ہوا تھا نعش ہسپتال منتقل کر دی گئی مزید کارروائی پولیس کر رہی ہے۔

بقیہ 16

یم بلوچ، اسلم کھیتران، خالد جاوید اور نادر شاہ نے اپنے ایک مشترکہ تعزیتی بیان میں انجینئر روزی خان دوتانی کے انتقال پر تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ مرحوم ایک نیک سیرت اور خوش اخلاق انسان تھے فیڈریشن ان کی سماجی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھے گی۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

بقیہ 17

ہوئے کہا سردار زادہ فیصل خان جمالی کا کہنا تھا کہ عوامی مسائل کے حل میں کسی قسم کی غفلت یا تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی، متعلقہ محکموں کے افسران عوامی شکایات پر فوری توجہ دیتے ہوئے مسائل کے بروقت ازالے کو یقینی بنائیں صوبائی وزیر نے کہا کہ حکومت عوام کی فلاح و بہبود، ترقیاتی منصوبوں اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ عوامی مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے اس موقع پر میر ریاض جمالی سید غفار شاہ غلام علی رند نثار خان رند و دیگر بھی موجود تھے

بقیہ 18

حدود اور ہیڈ کوارٹر کے تعین کا فیصلہ کسی ایک علاقے کے مفاد یا محدود آبادی کے تناظر میں نہیں بلکہ پورے ضلع کی مجموعی آبادی، جغرافیائی محل وقوع، عوامی رسائی، سڑکوں کے بنیادی ڈھانچے اور انتظامی ضروریات کو مدنظر رکھ کر کیا جانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ 2023 کی سرکاری مردم شماری کے اعداد و شمار کے مطابق سریاب سب ڈویژن کی آبادی 561,265 ہے جو چلاک کی سرکاری طور پر درج شدہ آبادی سے نمایاں طور پر زیادہ ہے۔ چلاک کی آبادی کے حوالے سے سرکاری مردم شماری کے مختلف جدولوں میں اعداد میں فرق موجود ہے تاہم دونوں حوالوں میں سریاب کی آبادی چلاک سے زیادہ بنتی ہے۔ اس لیے محض آبادی کے نامکمل یا غیر درست اعداد کو بنیاد بنا کر سریاب جیسے بڑے اور گنجان آباد علاقے کو کوئٹہ ویسٹ کے انتظامی مرکز سے دور کرنے کی کوشش زمینی حقائق سے مطابقت نہیں رکھتی۔ انہوں نے کہا کہ سریاب محض ایک رہائشی علاقہ نہیں بلکہ کوئٹہ شہر کا ایک وسیع گنجان آباد اور انتہائی اہم شہری خطہ ہے۔ سریاب روڈ ایک مرکزی اور مصروف شاہراہ ہے جو شہر کے مختلف علاقوں کو آپس میں ملاتی ہے اور یہاں مختلف اقوام زبانوں اور برادریوں سے تعلق رکھنے والے شہری آباد ہیں۔ اس لیے کسی بھی انتظامی مرکز کے قیام کے لیے سریاب روڈ جیسے مرکزی مقام کی اہمیت کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے کہا کہ کوئٹہ کی نئی انتظامی تقسیم کے بعد جب چلاک، بروری اور پنجپائی کو ضلع کوئٹہ ویسٹ میں شامل کیا گیا ہے تو اس پورے ضلع کے عوام کے لیے ایک ایسے مقام کا انتخاب ضروری تھا جہاں مختلف علاقوں سے آنے والے شہری نسبتاً آسانی کے ساتھ پہنچ سکیں۔ سریاب روڈ پر موجود سرکاری عمارت کو ضلعی ہیڈ کوارٹر کے طور پر استعمال کرنے کا فیصلہ اسی انتظامی ضرورت کے تناظر میں دیکھا جانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ ضلعی ہیڈ کوارٹر کسی ایک علاقے کی ملکیت یا نمائندگی نہیں کرتا بلکہ پورے ضلع کے عوام کے لیے انتظامی مرکز ہوتا ہے۔ اس لیے اس کے مقام کا تعین کرتے وقت کسی ایک علاقے کی سہولت کو ترجیح دینے کے بجائے پورے ضلع کے عوام کی مجموعی سہولت کو ترجیح دی جانی چاہیے۔ اگر کوئٹہ ویسٹ کا ہیڈ کوارٹر سریاب روڈ سے کسی ایسے مقام پر منتقل کیا جاتا ہے جو شہری آبادی کے ایک بڑے حصے سے دور ہو تو اس کے نتیجے میں عوام کو سرکاری امور کی انجام دہی کے لیے غیر ضروری سفری اخراجات، وقت کے ضیاع اور دیگر مشکلات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ انتظامی تقسیم کا بنیادی مقصد عوام کو حکومتی اداروں اور سرکاری خدمات تک قریب آسان اور مؤثر رسائی فراہم کرنا ہوتا ہے۔ لہٰذا کوئٹہ ویسٹ کے ہیڈ کوارٹر کے مقام کو تبدیل کرنے کے بجائے موجودہ انتظامی فیصلے کو عوامی سہولت، جغرافیائی رسائی اور دستیاب سرکاری انفراسٹرکچر کے تناظر میں برقرار رکھنا زیادہ مناسب ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بلوچستان نیشنل پارٹی (عوامی) کسی علاقے کے عوام کے خلاف نہیں بلکہ تمام علاقوں کے شہریوں کو یکساں انتظامی سہولیات فراہم کرنے کے اصول پر یقین رکھتی ہے۔ چلاک، بروری، پنجپائی، سریاب اور کوئٹہ کے دیگر علاقوں کے عوام یکساں طور پر سرکاری سہولیات کے حق دار ہیں اس لیے کسی بھی فیصلے میں ایک علاقے کو دوسرے کے مقابل کھڑا کرنے کے بجائے پورے ضلع کے اجتماعی مفاد کو سامنے رکھا جانا چاہیے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ کوئٹہ ویسٹ کے ہیڈ کوارٹر کو سریاب روڈ پر برقرار رکھا جائے اور انتظامی معاملات کو سیاسی یا علاقائی مفادات کے بجائے آبادی، جغرافیہ، عوامی رسائی اور زمینی حقائق کی بنیاد پر دیکھا جائے۔ انہوں نے کہا کہ سریاب روڈ پر ہیڈ کوارٹر کا قیام ایک انتظامی فیصلہ ہے اور اسے محض کسی ایک درخواست یا محدود نقطہ نظری کی بنیاد پر تبدیل کرنا مناسب نہیں ہوگا۔

بقیہ 19

تقریباً 23 لاکھ بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جائیں گے۔ ایمرجنسی آپریشن سینٹر (ای او سی) بلوچستان کے کوآرڈینیٹر انعام الحق نے کہا ہے کہ انسداد پولیو مہم کے لیے تمام تیاریاں مکمل کر لی گئی ہیں اور بچوں کو پولیو ویکسین پلانے کے لیے مجموعی طور پر 9,193 ٹیمیں تشکیل دے دی گئیں ہیں انہوں نے بتایا کہ مہم میں 621 فکسڈ سائٹ ٹیمیں بھی حصہ لیں گی، جبکہ 392 ٹرانزٹ پوائنٹ ٹیمیں صوبے کے اہم آمد و رفت اور نقل و حرکت کے مقامات پر بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائیں گی۔ سات روزہ مہم کے دوران صوبے کے 32 اضلاع میں انسداد پولیو سرگرمیاں جاری رہیں گی، جن میں بارکھان، چاغی، ڈیرہ بگٹی، نارتھ، ڈیرہ بگٹی ساؤتھ، دکی، گوادر، حب، جعفرآباد، جھل مگسی، قلات، کیچ، خضدار، قلعہ سیف اللہ، لسبیلہ، لورالائی، موسیٰ خیل، نصیرآباد، نوشکی، سبی، شیرانی، صحبت پور، اوستہ محمد، وڈھ، ژوب، زیارت، کوئٹہ ایسٹ، کوئٹہ ویسٹ، قلعہ عبداللہ، مستونگ، بارشور، پشین اور چمن شامل ہیں۔ ماحولیاتی نمونوں کے مطابق اگست کے دوران بلوچستان میں پولیو وائرس کے دو مثبت ماحولیاتی نمونے سامنے آئے، جن میں ایک چمن اور دوسرا ژوب سے رپورٹ ہوا۔ ای او سی کوآرڈینیٹر انعام الحق نے بتایا کہ ماحولیاتی نمونوں میں پایا جانے والا وائرس بلوچستان کا مقامی وائرس نہیں بلکہ اس کا تعلق پڑوسی صوبے اور افغانستان سے ہے۔ انہوں نے کہا کہ پولیو وائرس اب بھی ماحول میں موجود ہے اور اس خطرے کا مکمل خاتمہ نہیں ہوا۔ جب تک وائرس ماحول میں موجود رہے گا، بچوں میں پولیو سے متاثر ہونے کا خطرہ برقرار رہے گا، اس لیے ہر انسداد پولیو مہم انتہائی اہم ہے۔ انعام الحق نے کہا کہ پولیو وائرس کے پھیلاؤ کو روکنے اور بچوں کو اس خطرناک مرض سے محفوظ رکھنے کے لیے بار بار ویکسینیشن ضروری ہے۔ ای او سی کوآرڈینیٹر نے والدین اور بچوں کی نگہداشت کرنے والے افراد پر زور دیا کہ وہ پولیو ٹیموں کے ساتھ بھرپور تعاون کریں اور مہم کے دوران پانچ سال سے کم عمر ہر بچے کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے ضرور پلوائیں۔ انہوں نے سول سوسائٹی، اساتذہ اور مذہبی رہنماؤں سے بھی اپیل کی کہ وہ عوام میں شعور اجاگر کریں اور والدین کو اپنے بچوں کی پولیو ویکسینیشن یقینی بنانے کی ترغیب دینے میں اپنا کردار ادا کریں۔

بقیہ 20

کی مساجد کو نشانہ بنانا اسلام کے بنیادی احکامات اور تعلیمات کی کھلی خلاف ورزی ہے۔ کوئی سچا مسلمان اللہ کے گھر پر حملہ کر کے نماز ادا کرنے والے بے گناہ مسلمانوں کو شہید نہیں کر سکتا۔ مساجد عبادت، امن اور اللہ تعالیٰ کے ذکر کے مقدس مقامات ہیں۔ مسجد میں نماز جمعہ کے دوران معصوم نمازیوں کو سفاکانہ انداز میں نشانہ بنانے والے عناصر مسلمان تو در کنار، انسان کہلوانے کے بھی مستحق نہیں۔ سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا کہ اسلام عبادت گاہوں، انسانی جان اور بے گناہ شہریوں کے تحفظ کا درس دیتا ہے۔ دہشت گردوں کا مسلمانوں اور مسجدوں پر حملہ کرنا اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ ان کا دین، مذہب اور انسانیت سے کوئی تعلق نہیں۔ ایسے عناصر کو اسلام اور مسلمانوں کا نام استعمال کرنے کی ہرگز اجازت نہیں دی جا سکتی۔ انہوں نے مزید کہا کہ حکومت کو محض مذمت تک محدود رہنے کے بجائے حملے کے سہولت کاروں، مالی معاونین، منصوبہ سازوں اور پورے دہشت گرد نیٹ ورک تک پہنچنا ہوگا۔ پولیس لائنز، مساجد اور دیگر حساس مقامات کی سیکیورٹی مزید مؤثر بنانے، انٹیلی جنس نظام مضبوط کرنے اور دہشت گردی کے مقدمات کو شفاف قانونی کارروائی کے ذریعے تیزی سے منطقی انجام تک پہنچانے کی ضرورت ہے۔ بیرسٹر مین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار نے کہا کہ کوہاٹ کا یہ المناک سانحہ ایک مرتبہ پھر یاد دلاتا ہے کہ خیبر پختونخوا اور بلوچستان کے عوام، پولیس اور سیکیورٹی فورسز دہشت گردی کے خلاف جنگ میں مسلسل بھاری قربانیاں دے رہے ہیں۔ حکومت دہشت گردوں اور ان کے معاون نیٹ ورکس کے مکمل خاتمے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے، کیونکہ دہشت گردی کے صفائے کے بغیر ملک میں پائیدار امن کا قیام اور ترقی کا سفر جاری رکھنا دشوار ہوگا۔

بقیہ 21

موقع پر صوبہ بھر میں تمام تقریبات منعقد کرنے کا فیصلہ کیا ہے پارٹی کی تمام ضلعی تنظیموں کو ہدایت کی گئی ہے کہ پشتون کلچر ڈے سادگی کے ساتھ منایا جائے اور حالیہ سانحات کے متاثرین کے ساتھ بھرپور یکجہتی اور ہمدردی کا اظہار کیا جائے انہوں نے کہا کہ زیارت، ہرنائی، شاہرگ، کوہاٹ اور دیگر علاقوں میں پیش آنے والے المناک واقعات نے پشتون معاشرے کو شدید متاثر کیا ہے ان واقعات میں قیمتی انسانی جانوں کا ضیاع ہوا جبکہ متعدد خاندان اپنے پیاروں سے محروم ہوئے ایسے حالات میں خوشی یا جشن کی تقریبات کے بجائے متاثرہ خاندانوں کے دکھ میں شریک ہونا اور ان کے ساتھ اظہار یکجہتی کرنا ہماری اجتماعی ذمہ داری ہے حضرت علی اچکزئی نے کہا کہ فخر باچا خان میں ثقافت محض رسم و رواج یا تقریبات کا نام نہیں بلکہ کسی قوم کی تاریخ شناخت اقدار روایات تہذیب و تمدن اور اجتماعی شعور کا مظہر ہے باچا خان اور ان کے رفقاء نے پشتون معاشرے میں امن عدم تشدد رواداری بھائی چارے اور انسانی اقدار کے فروغ کے لیے طویل اور صبر آزما جدوجہد کی انہوں نے کہا کہ عوامی نیشنل پارٹی پشتون ثقافت زبان تاریخ اور قومی اقدار کے تحفظ اور فروغ کو ہمیشہ اہمیت دیتی رہی ہے پشتون کلچر ڈے منانے کا مقصد بھی پشتونوں کی تاریخی شناخت ثقافتی ورثے اور مثبت روایات کو اجاگر کرنا ہے تاہم موجودہ حالات میں پارٹی نے متاثرین کے غم کو ترجیح دیتے ہوئے تقریبات منعقد نہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے صوبائی سیکرٹری ثقافت نے عوامی نیشنل پارٹی کے تمام ضلعی تنظیموں اور ذمہ داران کو ہدایت کی کہ 23 ستمبر کو پشتون کلچر ڈے کے موقع پر کسی قسم کی باقاعدہ تقریب جشن یا پروگرام منعقد نہ کیا جائے بلکہ اس دن کو سادگی کے ساتھ مناتے ہوئے حالیہ سانحات کے متاثرین کے ساتھ اظہار یکجہتی اور ہمدردی کا پیغام عام کیا جائے۔

بقیہ 22

دار ادا کرتے ہیں اس لیے نوجوان وکلاء کی منظم اور متحرک قیادت مستقبل میں بھی مثبت اثرات مرتب کر سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ عالمگیر مندوخیل، اسرار جنگ اور نومنتخب کابینہ کو ایک نئے اعتماد کے ساتھ اپنی ذمہ داریاں سنبھالنی ہیں امید ہے کہ نئی قیادت نوجوان وکلاء کو درپیش پیشہ ورانہ و انتظامی مسائل کو مؤثر انداز میں اجاگر کرنے کے ساتھ ساتھ وکلاء برادری کے درمیان باہمی تعاون، اتحاد اور پیشہ ورانہ ہم آہنگی کو بھی فروغ دے گی۔ مرکزی ترجمان نے کہا کہ ایک ایسے معاشرے میں جہاں شہریوں کے بنیادی حقوق، انصاف تک رسائی اور قانون کی بالادستی اہم موضوعات ہیں وہاں وکلاء کی ذمہ داریاں بھی مزید بڑھ جاتی ہیں۔ نوجوان وکلاء اپنی قانونی صلاحیت، آئینی فہم اور پیشہ ورانہ وابستگی کو بروئے کار لاتے ہوئے معاشرے میں قانونی شعور کے فروغ اور انصاف کے نظام کو مؤثر بنانے میں اپنا کردار ادا کر سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عالمگیر مندوخیل، اسرار جنگ اور ینگ لائرز ایسوسی ایشن کی نومنتخب کابینہ کے تمام اراکین کو ایک بار پھر مبارکباد پیش کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ نئی قیادت وکلاء برادری کے اعتماد پر پورا اترتے ہوئے اپنی ذمہ داریاں احسن انداز میں ادا کرے گی اور نوجوان وکلاء کے مسائل کے حل کے لیے مؤثر آواز بنے گی۔

بقیہ 23

روائیوں کا سلسلہ مسلسل جاری ہے۔ ڈائریکٹر جنرل سوشل ویلفیئر میر سیف اللہ خان کھیتران نے متعلقہ افسران و عملے کو ہدایت کی ہے کہ شہر کے مختلف علاقوں، اہم شاہراہوں، چوکوں اور عوامی مقامات پر پیشہ ورانہ گداگری کے خلاف کارروائیوں کو مزید مؤثر اور منظم بنایا جائے اور اس ضمن میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہ کی جائے۔ ان کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں 19 ستمبر کو جوائنٹ روڈ، ہزارہ ٹاؤن، بروری روڈ سے کوئیمار چوک سمیت مختلف علاقوں میں کارروائیاں کی گئیں، جن کے دوران 11 پیشہ ور گداگروں کو گرفتار کیا گیا، جن میں 5 خواتین اور 6 مرد شامل ہیں۔ سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ کے مطابق گرفتار افراد کے خلاف ضروری قانونی کارروائی مکمل کرنے کے بعد انہیں مزید کارروائی کے لیے ضلعی انتظامیہ کے حوالے کر دیا گیا ہے۔ ضلعی انتظامیہ کوئٹہ غربی کے تعاون سے مذکورہ علاقوں میں پیشہ ورانہ گداگری کے خلاف اب تک 6 کارروائیاں کی جا چکی ہیں، جبکہ آئندہ بھی مختلف علاقوں میں کارروائیوں کا سلسلہ جاری رکھنے کا فیصلہ کیا گیا ہے ڈائریکٹر جنرل سوشل ویلفیئر میر سیف اللہ خان کھیتران نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی ہے کہ پیشہ ورانہ گداگری کے خاتمے کے لیے فیلڈ کارروائیوں کو مزید تیز کیا جائے، شہریوں اور بالخصوص بچوں اور خواتین کو گداگری کے منظم نیٹ ورک سے محفوظ رکھنے کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں اور کارروائیوں کے دوران قانون اور ضابطے کی مکمل پابندی یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے کہا کہ کوئٹہ شہر کو پیشہ ورانہ گداگری سے پاک رکھنے کے لیے سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ اپنی ذمہ داریاں بھرپور انداز میں ادا کر رہا ہے اور ضلعی انتظامیہ سمیت متعلقہ اداروں کے تعاون سے اس مہم کو مزید مؤثر بنایا جائے گا۔ سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ کے مطابق پیشہ ورانہ گداگری کے خاتمے تک کارروائیوں کا یہ سلسلہ مختلف علاقوں میں تسلسل کے ساتھ جاری رکھا جائے گا، تاکہ کوئٹہ کو صاف، منظم، پرامن اور شہریوں کے لیے بہتر ماحول فراہم کیا جا سکے۔

بقیہ 24

بشیر احمد بڑیچ نے کہا کہ میٹروپولیٹن کارپوریشن کے چاروں زونز میں اینٹی انکروچمنٹ اور انفورسمنٹ کی ٹیمیں تشکیل دے کر پورے کوئٹہ شہر میں کارروائیوں کا دائرہ کار وسیع کیا گیا ہے۔ گزشتہ تین ہفتوں کے دوران ٹیموں کی جانب سے تجاوزات کے خلاف مؤثر کارروائیاں کی گئی ہیں، جس پر انہوں نے اہلکاروں کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ آپ کی محنت اور کارکردگی قابل تعریف ہے، میری طرف سے آپ کو ویل ڈن انہوں نے کہا کہ آئندہ اینٹی انکروچمنٹ اور انفورسمنٹ ٹیمیں فیلڈ میں کارروائیوں کے دوران باقاعدہ یونیفارم، میٹروپولیٹن کارپوریشن کی مخصوص جیکٹس اور کیپس پہن کر جائیں گی، تاکہ شہریوں کے لیے فیلڈ عملے کی شناخت واضح ہو اور کارروائیوں کے دوران ادارہ جاتی نظم و ضبط کو مزید بہتر بنایا جا سکے۔ بشیر احمد بڑیچ نے بتایا کہ اینٹی انکروچمنٹ ٹیم کے اہلکاروں کو باقاعدہ شناختی کارڈ بھی جاری کیے جائیں گے، جبکہ تجاوزات، روڈ کٹنگ، غیر قانونی تعمیرات، بلڈنگ معاملات اور ریڑھی بازار سمیت مختلف فیلڈ کارروائیوں کے دوران اہلکار یونیفارم اور شناختی کارڈ کے ساتھ فرائض انجام دیں گے۔ انہوں نے اہلکاروں کو ہدایت کی کہ تمام کارروائیاں قانون اور ضابطے کے مطابق اور میرٹ کی بنیاد پر کی جائیں۔ کسی بھی کارروائی میں ذاتی پسند و ناپسند کے بجائے قانون اور ادارہ جاتی اصولوں کو مقدم رکھا جائے۔ ایڈمنسٹریٹر نے امید ظاہر کی کہ اینٹی انکروچمنٹ اور انفورسمنٹ ٹیموں کی مسلسل اور منظم کارروائیوں سے کوئٹہ شہر میں نمایاں بہتری آئے گی تجاوزات کے خاتمے کے ساتھ ساتھ ٹریفک اور پارکنگ کے مسائل کے حل میں بھی مدد ملے گی اور شہر میں شہری نظم و ضبط مزید بہتر ہوگا۔ انہوں نے اہلکاروں پر زور دیا کہ وہ اپنی ذمہ داریاں محنت، دیانت داری اور میرٹ کے ساتھ انجام دیں اور عوامی سہولت کو اولین ترجیح بنائیں

بقیہ 25

ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی اور ڈاکٹر فاروق ستار اور کیو ایم بلوچستان کی صوبائی کاؤن نے تعزیت کی جس کی فاتحہ خوانی مسجد قمر اسلامیہ مدرسہ حاجی غیبی روڈ شالدرا میں ہوگی۔

بقیہ 26

جس پر پولیس نے ملزمان کا تعاقب کیا تو انہوں نے شاہ میر پور کے علاقے میں پولیس پر فائرنگ کر دی پولیس کی جوابی کارروائی کے دوران ایک ملزم کو زخمی حالت میں گرفتار کر لیا گیا جبکہ دوسرا ملزم فرار ہونے میں کامیاب ہو گیا گرفتار ملزم کے قبضے سے ایک پسٹل بمعہ راؤنڈ اور 6 مسروقہ موبائل 15500 روپے ایک موٹر سائیکل برآمد کر کے ملزم کو ہسپتال منتقل کر دیا اور اس کے خلاف مقدمہ درج کر کے کارروائی شروع کر دی

بقیہ 27

روزہ پولیو مہم کے حوالے سے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ پولیو مہم 21 ستمبر 2026 سے شروع ہو کر 24 ستمبر 2026 تک جاری رہے گی۔ مہم کے دوران ضلع قلات کی 19 یونین کونسلز میں پانچ سال تک کی عمر کے 40,269 بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے ڈپٹی کمشنر قلات انجینئر عائشہ زہری نے کہا کہ پولیو ٹیمیں گھر گھر جا کر پانچ سال تک کی عمر کے تمام بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کو یقینی بنائیں۔ ایریا سپروائزرز پولیو ٹیموں کی مؤثر نگرانی کریں اور مہم کے دوران کسی بھی بچے کو پولیو کے قطرے پلانے سے محروم نہ رہنے دیا جائے انہوں نے کہا کہ پولیو مہم کو کامیاب بنانے کے لیے والدین، سیاسی و سماجی کارکنان، علماء کرام، شعراء، ادباء، اور صحافی برادری اپنا مثبت اور مؤثر کردار ادا کریں۔ پولیو سے پاک معاشرے کی تشکیل ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری اور بنیادی مقصد ہے

بقیہ 28

پریس کلب کو درپیش مشکلات پر تفصیلی غور و خوض کیا گیا، عہدیداران نے پریس کلب کو درپیش مسائل پر اظہار خیال کرتے ہوئے ان کے حل کے لیے مختلف تجاویز پیش کیں اور پریس کلب کے انتظامی و صحافتی امور کو مزید بہتر بنانے پر زور دیا۔ اس موقع پر قلات کے علاقائی صحافیوں کو درپیش مسائل سمیت علاقائی، عوامی مسائل کو مؤثر انداز میں اجاگر کرنے، عوامی مشکلات کو متعلقہ حکام تک پہنچانے اور مثبت و ذمہ دارانہ صحافت کے فروغ کے حوالے سے بھی تفصیلی گفتگو کی گئی۔ اجلاس میں اس امر پر زور دیا گیا کہ علاقے میں تعلیم، صحت، بجلی، گیس، پانی، سڑکوں، امن و امان اور دیگر بنیادی مسائل کی نشاندہی کرتے ہوئے انہیں صحافتی ذمہ داری کے ساتھ اجاگر کیا جائے تاکہ متعلقہ حکام کی توجہ عوامی مسائل کے حل کی جانب مبذول کرائی جا سکے۔ اجلاس میں صحافیوں کے باہمی اتحاد، پیشہ ورانہ امور میں تعاون اور پریس کلب کے پلیٹ فارم کو مزید فعال بنانے پر بھی زور دیا گیا، عہدیداران نے کہا کہ صحافتی برادری عوامی مسائل کی نشاندہی اور معاشرے میں مثبت کردار ادا کرنے کے لیے اپنی ذمہ داریاں بھرپور انداز میں ادا کرتی رہے گی اجلاس کے دوران دیگر عہدیداران کی عدم شرکت کا بھی جائزہ لیا گیا اور آئندہ تمام عہدیداران کو اجلاس میں بروقت شرکت یقینی بنانے کی تاکید کی گئی، تاکہ پریس کلب کے امور باہمی مشاورت سے بہتر انداز میں چلائے جا سکیں۔

بقیہ 29

ٹیس ڈالی گئیں، اور آخر کار انہیں بوگس الزامات لگا کر یونیورسٹی بدر کر دیا گیا۔ یہ صرف طلبہ پر حملہ نہیں، بلکہ پورے صوبے میں طلبہ سیاست، اظہار رائے کی آزادی اور جمہوری اقدار پر حملہ ہے۔ پشتونخوا سٹوڈنٹس آرگنائزیشن واضح کرتی ہیں کہ یونیورسٹی جیل نہیں درسگاہ ہے یونیورسٹیوں کا کام طلبہ کی سوچ پر پہرے بٹھانا نہیں بلکہ تنقیدی سوچ کو پروان چڑھانا ہے۔ سیاسی سرگرمی ہر طالب علم کا جمہوری اور آئینی حق ہے۔ وائس چانسلر انتظامی افسر ہے، آمر نہیں لورالائی یونیورسٹی کا وائس چانسلر خود کو کسی نوآبادیاتی افسر کی طرح سمجھ رہا ہے۔ ہم اسے بتانا چاہتے ہیں کہ یونیورسٹیاں کسی کی جاگیر نہیں ہیں بلکہ طلبہ کی ملکیت ہیں۔ پشتونخوا سٹوڈنٹس آرگنائزیشن اس ظالمانہ فیصلے کے خلاف ہر جمہوری، آئینی اور قانونی راستہ اپنائے گی۔ پشتونخوا سٹوڈنٹس آرگنائزیشن یہ مطالبہ کرتی ہیں کہ خارج کیے گئے طلبا کا اخراج فوری طور پر واپس لیا جائے اور انہیں فوری طور پر بحال کیا جائے۔ صوبے بھر کی یونیورسٹیوں میں طلبہ یونینز کو فوری طور پر بحال کیا جائے تاکہ طلبہ کے مسائل کا جمہوری حل نکل سکے۔ اگر ہمارے مطالبات فوری طور پر تسلیم نہ کیے گئے تو پشتونخوا سٹوڈنٹس آرگنائزیشن احتجاج کا حق محفوظ رکھتی ہے۔

بقیہ 30

میں کمی کے چارے کے تصدیق شدہ، اعلیٰ قسم کے چارے کے بیج مفت تقسیم کیے گئے۔ یہ امدادی اقدام "ریوائیول آف بلوچستان آبی وسائل پروگرام (RBWRP)" پروجیکٹ کوڈ: (GCPPAK159EC) کے تحت ممکن ہوا، جسے یورپی یونین (EU) نے مالی اعانت فراہم کی اور اقوام متحدہ کے فوڈ اینڈ ایگریکلچر آرگنائزیشن (FAO) کے زیر اہتمام منعقدہ تقریب میں قلات کے مختلف علاقوں سے زمینداروں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ محکمہ زراعت کے سینئر افسران بیج تقسیم کرنے اور کسانوں کی رہنمائی کے لیے موجود تھے: ڈپٹی ڈائریکٹر ایگریکلچر ایکسٹینشن شکیل احمد زہری ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت سعید الناصر مینگل اور ڈائریکٹر آئل اینڈ سیڈ محمد یحییٰ بلوچ و دیگر عہدیداروں نے کسانوں میں بیج کے تھیلے تقسیم کیے اور ان کے ساتھ ایک تفصیلی بات چیت کی۔ واضح رہے کہ اس پروگرام کا بنیادی مقصد کسانوں کو معیاری بیج فراہم کرنا، پانی کے تحفظ کو فروغ دینا اور فصلوں کی پیداوار میں اضافہ کرنا ہے تاکہ زمینداروں کو مالی استحکام حاصل کرنے میں مدد مل سکے کسانوں نے تقریب میں اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اگر بیج اور دیگر زرعی سامان بروقت مل جائے تو وہ مناسب موسم میں کاشت کر سکتے ہیں اور فصل کی بہترین پیداوار حاصل کر سکتے ہیں ڈپٹی ڈائریکٹر ایگریکلچر نے زمینداروں کی طرف سے اٹھائے گئے تمام سوالات اور خدشات کے جوابات دیے اور انہیں یقین دلایا کہ بیج کی بروقت فراہمی کو ہر قیمت پر یقینی بنایا جائے گا۔ تقریب کے اختتام پر تمام شریک زمینداروں نے وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی، یورپی یونین (EU)، FAO اور محکمہ زراعت کے حکام کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرتے ہوئے اس اقدام کو قلات کے کسانوں کے لیے ایک شاندار تحفہ قرار دیا۔

بقیہ 31

اور خوشحال بلوچستان کی بنیاد ہیں۔ انہوں نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی جانب سے میر غلام قادر بگٹی میموریل ہسپتال بائیکر میں 100 بڑی سرجریز مکمل ہونے سے متعلق سوشل میڈیا پوسٹ کا حوالہ دیتے ہوئے اس پیش رفت کو بلوچستان کے دور دراز علاقوں میں طبی سہولیات کی فراہمی کے تناظر میں اجاگر کیا۔ میر غلام قادر بگٹی میموریل ہسپتال بائیکر میں ایمرجنسی اور پیچیدہ نوعیت کے کیسز سمیت 100 بڑی سرجریز مکمل ہونے کی اطلاع بھی حالیہ رپورٹ میں سامنے آئی ہے۔ وزیر منصوبہ بندی و ترقیات نے کہا کہ دور دراز علاقوں میں صحت کی معیاری سہولیات کی فراہمی سے عوام کو علاج کے لیے طویل سفری مشکلات سے نجات ملنے میں مدد مل سکتی ہے۔ ہسپتال میں خصوصی طبی و جراحی خدمات کی دستیابی کے حوالے سے بھی متعلقہ اداروں نے پیش رفت رپورٹ کی ہے۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ صحت، تعلیم اور باعزت روزگار تک رسائی پائیدار ترقی کی بنیاد ہے

بقیہ 32

ہوئے تین روز کی آخری مہلت دے دی۔ محکمہ نے واضح کیا ہے کہ مقررہ مدت میں مطلوبہ معلومات جمع نہ کرانے کی صورت میں متعلقہ قوانین کے تحت بغیر کسی مزید نوٹس کے قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر گوادر کی جانب سے 18 ستمبر 2026 کو جاری نوٹس کے مطابق مذکورہ اداروں کو پہلے بھی 7 ستمبر تک معلوماتی پروفارما جمع کرانے کی ہدایت کی گئی تھی، تاہم مقررہ مدت گزرنے کے باوجود مطلوبہ معلومات فراہم نہیں کی گئیں حتمی شوکاز نوٹس حاصل کرنے والی 25 تنظیموں میں الخدمت فاؤنڈیشن گوادر، پرائیویٹ سکولز ایسوسی ایشن گوادر، یو این ڈی پی گوادر، یوسف ایجوکیشن گوادر، انٹرنیشنل فنڈ فار ایگریکلچر ڈیولپمنٹ (IFAD) گوادر، گوادر ایجوکیشن اینڈ ڈیولپمنٹ سوسائٹی (GEDS)، بلوچستان موٹر اسپورٹس ایسوسی ایشن، بلوچی میوزک پروموٹرز سوسائٹی، گوادر ویمنز ڈیولپمنٹ آرگنائزیشن، پیشکان ایجوکیشن کلچر اینڈ سوشل آرگنائزیشن، روزن زالبول سوشل اینڈ ووکیشنل ٹریننگ سینٹر، تالو بند کنزرویشن سوسائٹی، اپالبگر کلچی اکیڈمی گوادر، بلدیہ وائلڈ لائف کنزرویشن سوسائٹی، گوادر سول سوسائٹی، گوہر فاؤنڈیشن، جنز آرٹ اکیڈمی گوادر، لفٹ گوادر ویلفیئر آرگنائزیشن، مایکان چائلڈ فاؤنڈیشن، پشتی پریس کلب پشتی، مان جی ڈرگ اینڈ ری ہیبلیٹیشن سینٹر، زاہد ڈرگ سینٹر پشتی، زمینک بلوچستان آرگنائزیشن، فیض رسان ویلفیئر آرگنائزیشن اور ہیلپنگ ہینڈز فاؤنڈیشن گوادر شامل ہیں۔ محکمہ سماجی بہبود نے خبردار کیا کہ تین روز میں ریکارڈ جمع نہ کرانے کی صورت میں بلوچستان چیریٹیز رجسٹریشن اتھارٹی (BCRA) ایکٹ یا دیگر متعلقہ قوانین کے تحت قانونی کارروائی کی جائے گی۔

بقیہ 33

کہا ہے کہ بروقت اور مؤثر کارروائی کے نتیجے میں پانچ دہشت گردوں کو ہلاک کرنا اہم کامیابی ہے۔ اپنے ایک بیان میں شاہد رند نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز نے دہشت گردوں کے ٹھکانے کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 23 مغوی افراد کو بحفاظت بازیاب کرایا، جو قابل تحسین اور بڑی کامیابی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کارروائی کے دوران قومی شاہراہ پر عوام کی پُرامن آمد و رفت متاثر کرنے کی دہشت گردوں کی کوشش ناکام بنا دی گئی۔ معاون برائے اطلاعات و سیاسی امور نے کہا کہ کارروائی میں اغوا برائے تاوان، بھتہ خوری اور گاڑیاں چھیننے میں ملوث دہشت گردوں کے خلاف مؤثر کارروائی کی گئی۔ دہشت گردوں کے ٹھکانے سے چھ ٹرک، تین بسیں اور دو گاڑیاں بھی برآمد ہوئیں، جبکہ بڑی تعداد میں اسلحہ، گولہ بارود اور دھماکہ خیز مواد قبضے میں لیا گیا۔ شاہد رند نے سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیت اور بروقت کارروائی کو سراہتے ہوئے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں ریاستی ادارے اور عوام متحد ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں امن کے قیام اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے دہشت گرد عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی۔ انہوں نے کہا کہ غیر ملکی سرپرستی میں ہونے والی دہشت گردی کے خاتمے کے لیے مؤثر اور بھرپور اقدامات جاری ہیں۔ بلوچستان کے عوام امن، استحکام اور معمول کی پُرامن زندگی کے خواہاں ہیں، اور ریاستی ادارے عوام کے تحفظ کے لیے اپنی ذمہ داریاں پوری کر رہے ہیں۔

بقیہ 34

ت کرنے والے پارٹی کے کارکنوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی وہ واحد سیاسی و جمہوری جماعت ہے جس کی قیادت نے عوام کے حقوق کے حصول کیلئے اپنی جانوں کے نذرانے پیش کیے لیکن کبھی بھی اصولوں پر سودے بازی نہیں کی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی وفاق کی علامت ہے اور ملکی سطح پر بھی قومی مفاہمت، بین الصوبائی ہم آہنگی اور جمہوریت کے تسلسل پر یقین رکھتی ہے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی قیادت میں پارٹی نے ہمیشہ یہی موقف اختیار کیا ہے کہ ملک کے چاروں صوبوں کے درمیان اعتماد اور تعاون کا ماحول پیدا کیا جائے تاکہ ایک مضبوط اور متحد پاکستان تشکیل پا سکے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں پیپلز پارٹی کی مخلوط صوبائی حکومت وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں صوبے میں امن و امان کے قیام، صحت، تعلیم اور روزگار کے شعبوں میں کیے جانے والے اقدامات قابل تحسین ہیں۔ انہوں نے کہا کہ صوبے کی تاریخ میں پہلی مرتبہ نوجوانوں کو میرٹ پر نوکریاں فراہم کی جا رہی ہیں جس سے نوجوانوں میں پائی جانے والی مایوسی ختم ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ پارٹی کے جیالے پاکستان پیپلز پارٹی کیلئے ایک قیمتی اثاثہ ہیں جن کے جائز مسائل حل کرنے کیلئے پارٹی کی مرکزی اور صوبائی قیادت، صوبائی وزراء اور اراکین اسمبلی بھی عملی اقدامات اٹھانے ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ پارٹی کے کارکن بلاول بھٹو زرداری، آصف علی زرداری، فریال تالپور اور آصفہ بھٹو کے پیغام کو گھر گھر پہنچائیں۔

بقیہ 35

نائب امیر جماعت اسلامی بلوچستان حافظ مطیع الرحمٰن مینگل نے کی۔ اجلاس میں جماعت اسلامی نوشکی کے امیر مولانا محمد قاسم مینگل سمیت ضلع بھر سے بڑی تعداد میں ارکان نے شرکت کی۔ اجلاس میں ملکی سیاسی و معیشتی صورتحال پر تفصیلی غور و خوض کیا گیا، بالخصوص پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ہوشربا اضافے اور ان پر عائد بھاری اضافی ٹیکسوں اور لیوی کے نتیجے میں بڑھنے والی مہنگائی پر شدید تشویش کا اظہار کیا گیا۔ ارکان نے مرکزی امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن کی کال پر، پٹرولیم مصنوعات پر عائد اضافی ٹیکس لیوی بھتہ کے خلاف اسلام آباد میں دیے جانے والے دھرنے میں نوشکی سے بھرپور شرکت کے لیے جامع منصوبہ بندی کی۔ اس موقع پر نائب امیر بلوچستان حافظ مطیع الرحمٰن مینگل اور امیر ضلع مولانا محمد قاسم مینگل نے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حکومت کی جانب سے عوام پر مسلط کی گئی آئی ایم ایف کی ظالمانہ پالیسیاں اور پٹرول پر ٹیکس کا اضافی بوجھ ناقابل قبول ہے۔ عوام پہلے ہی مہنگائی کی چکی میں پس رہے ہیں اور موجودہ حکومت مزید بوجھ ڈال کر غریب عوام کا خون چوس رہی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ جماعت اسلامی ملک گیر احتجاجی تحریک کے ذریعے حکومت کو ان ظالمانہ فیصلوں سے پیچھے ہٹنے پر مجبور کرے گی۔ نوشکی سے ارکان اور عوام کا ایک بڑا قافلہ مرکزی امیر کی کال پر اسلام آباد پہنچے گا اور جب تک پٹرول پر اضافی ٹیکس واپس نہیں لیے جاتے، احتجاج جاری رہے گا۔ اجلاس کے دوران دھرنے میں شرکت کے لیے مختلف کمیٹیاں تشکیل دی گئیں اور قافلوں کی روانگی اور دیگر انتظامات کو حتمی شکل دی گئی۔ ارکان نے عزم کیا کہ وہ مرکزی قیادت کی ہر کال پر لبیک کہیں گے اور عوامی حقوق کی بحالی کے لیے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے۔

بقیہ 36

کے علاوہ سیٹلائٹ ٹاؤن کے علاقے منی مارکیٹ اس کے علاوہ جناح ٹاؤن میں بھی نالیاں بند اور صفائی نہ ہونے کی وجہ سے گندا پانی سڑکوں پر بہہ رہا ہے عوامی حلقوں نے ایڈمنسٹریٹر میٹرو پولیٹن کارپوریشن اور ضلعی انتظامیہ سے اپیل کی ہے کہ شہر میں صفائی کی ناقص صورتحال کا نوٹس لیتے ہوئے متعلقہ حکام کو تنبیہ کریں کہ وہ صفائی کو یقینی بنائیں۔ عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ کوئٹہ جس کو ماضی میں لٹل پیرس کے نام سے جانا پہچانا جاتا تھا آج وہی کوئٹہ گندگی کے ڈھیر میں تبدیل ہو چکا ہے جس کی بڑی وجہ ارباب اختیار، حکام اور متعلقہ اداروں کے سربراہوں کی عدم دلچسپی کی وجہ سے صفائی کو یقینی بنانے والے ادارے اور عملہ اپنی ذمہ داری نبھانے سے قاصر ہیں اور سڑکوں پر کئی کئی دن گٹر بند ہونے کی وجہ سے ان کا گندا پانی بہتا رہتا ہے جس کی وجہ سے گزرنے والے شہریوں اور لوگوں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ وی آئی پی سڑکوں پر موجود نالیاں اور گٹر بند ہونے کی وجہ سے ان کا گندا پانی سڑکوں پر بہتا رہتا ہے جس کی وجہ سے لوگوں کو شدید تکلیف اور ذہنی اذیت کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ حالانکہ صفائی نصف ایمان ہمارے دین کا حصہ ہے لیکن ہمارے لوگ اپنی ذمہ داری پوری کرنے سے قاصر ہیں جس کی وجہ سے لوگوں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے عوامی حلقوں نے مطالبہ کیا کہ شہر میں نالیوں کی صفائی اور سیوریج سمیت کچرے کو بروقت اور فوری طور پر ٹھکانے لگانے کے لیے اقدامات اٹھائے جائیں۔

بقیہ 37

پہنچانے کی دھمکیاں دے رہے ہیں ہمیں تحفظ فراہم کر کے انصاف کے تقاضے پورے کیے جائیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اتوار کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا کہ میں اور میری بیوی جیکب آباد کے علاقے تھل کے رہائشی ہیں کچھ دن قبل ہم نے کوئٹہ کی عدالت میں پسند کی شادی کی ہے اب میری بیوی کا والد، کزن اور چچا ہمیں جانی نقصان پہنچانے کے ساتھ ساتھ جان سے مارنے کی دھمکیاں دے رہا ہے ہماری میڈیا کی توسط سے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر اور دیگر اعلیٰ حکام سے اپیل ہے کہ ہمیں تحفظ فراہم کر کے ہمیں ہراساں کرنے والوں کے خلاف کارروائی کر کے انصاف فراہم کیا جائے۔

بقیہ 38

جس پر بہت کام بھی کر چکا ہوں انہوں نے اس اراضی کی بنیادیں تعمیر کر کے بھرائی بھی کرائی ہے اس لئے ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ میری ملکیت اراضی کی خرید و فروخت سے باز رہے ورنہ اپنے نقصان کے خود ذمہ دار ہوں گے۔

بقیہ 39

جی ٹی او نے تمام الیکشن کو مانیٹر کیا، اور موقع پر ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی آف پاکستان (TDAP) کوئٹہ کے نمائندے زین العابدین نے الیکشن آبزرور کی حیثیت سے انتخابی عمل کو مانیٹر کرتے ہوئے انتخابی مراحل کا جائزہ لیا۔ الیکشن کمیشن اور متعلقہ عملے نے انتخابات کے تمام مراحل میں مقررہ قواعد و ضوابط پر عملدرآمد کو یقینی بنایا، جبکہ انتخابی عمل کی شفافیت اور غیر جانبداری کو برقرار رکھنے کے لیے تمام ضروری انتظامات کیے گئے۔ الیکشن کمیشن نے تمام بلا مقابلہ منتخب ہونے والے ممبران کو مبارکباد دیتے ہوئے امید ظاہر کی کہ نومنتخب ممبران چیمبر کی ترقی، کاروباری برادری کے مسائل کے حل اور بلوچستان میں تجارت و صنعت کے فروغ کے لیے اپنا بھرپور کردار ادا کریں گے۔ نومنتخب ممبران نے بھی چیمبر کے معاملات کو مزید مؤثر بنانے، کاروباری برادری کو درپیش مسائل کے حل اور تجارت و صنعت کے فروغ کے لیے مشترکہ کوششوں اور مؤثر اقدامات کے عزم کا اظہار کیا۔ کوئٹہ چیمبر آف سمال انڈسٹری کے انتخابات 28-2026 کا پہلا مرحلہ مکمل ہونے کے بعد انتخابی عمل اپنے اگلے مرحلے میں داخل ہو گیا ہے۔ آئندہ مراحل بھی مقررہ انتخابی قواعد و ضوابط کے مطابق مکمل کیے جائیں گے۔ جس میں صدر، سینئر نائب صدر اور نائب صدر کا انتخاب ہوگا۔

بقیہ 40

کارروائی سے ناکام بنا دیا۔ وزیراعلیٰ نے دہشت گردوں کے ٹھکانے سے چھ ٹرک، تین بسیں اور دو گاڑیوں سمیت بڑی تعداد میں اسلحہ، گولہ بارود اور دھماکہ خیز مواد برآمد کرنے پر بھی سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو سراہا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ بلوچستان میں امن و امان کے قیام اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے دہشت گردی کے خلاف کارروائیاں پوری قوت کے ساتھ جاری رہیں گی۔ انہوں نے کہا کہ آپریشن "عزم استحکام" کے تحت دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے ریاستی ادارے متحد اور پرعزم ہیں۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ غیر ملکی سرپرستی اور معاونت سے ہونے والی دہشت گردی کے خلاف مؤثر کارروائی کے ذریعے عوام اور قومی شاہراہوں کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے گا۔

بقیہ 41

مات سر انجام دیں ہیں جو ہمارا قومی فخر ہیں۔ عالمی یوم امن پر پیغام میں وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ آج عالمی یوم امن پر پاکستان عالمی برادری کے ساتھ مل کر پُرامن بقائے باہمی، عالمی استحکام سلامتی، ترقی و خوشحالی کے مساوی مواقعوں کی فراہمی اور عدل و انصاف جیسی تعمیری روایات سے اپنی وابستگی کا تجدید عزم کرتا ہے۔ علاقائی اور بین الاقوامی امن کے فروغ میں پاکستان کا حالیہ تعمیری کردار قوم کے لیے باعث اعزاز ہے۔ پاکستان نے پُرخلوص انداز میں تنازعات کے خاتمے، کشیدگی میں کمی اور عالمی امن کے فروغ کے لیے کاوشیں کی ہیں۔ اقوام متحدہ کے زیر نگرانی امن مشنز میں پاکستان نے ہمیشہ ہراول دستے کے طور پر خدمات سر انجام دیں ہیں جو ہمارا قومی فخر ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ اس سال یہ عالمی دن "امن میں سرمایہ کاری سب کے لیے، ہر جگہ، ہر روز" کے زیر عنوان منایا جا رہا ہے۔ یہ موضوع اجاگر کرتا ہے کہ امن محض جنگی تنازعات کی عدم موجودگی کا نام نہیں بلکہ اس کے حقیقی ثمرات کا اظہار عالمی اور قومی سطح پر انسانوں کی معاشی و معاشرتی آسودگی، بنیادی حقوق کے تحفظ، عزت و احترام، یکساں مواقعوں اور شمولیت سے ہوتا ہے۔ بلا امتیاز و بلا تفریق رنگ و نسل مساویانہ معاشرتی رویہ ہی پائیدار امن کا ضامن ہے۔ یہ رویہ انفرادی اور اجتماعی سطح پر نفرت، تشدد، تعصب جیسے منفی جذبات کے سدباب سے ہی قائم کیا جا سکتا ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ اسلامی تعلیمات اور آئین پاکستان انسانی وقار اور بنیادی حقوق کے تحفظ کی ضمانت کے ساتھ معاشرتی امن کی مضبوط بنیاد فراہم کرتا ہے۔ حکومت کی پالیسیز اس امر کو یقینی بنانے کے لیے کوشاں ہیں کہ تمام شہریوں، بالخصوص خواتین، بچوں، اقلیتوں، خصوصی افراد اور دیگر کمزور و محروم طبقات کے مساوی حقوق و فرائض کو مؤثر تحفظ فراہم کیا جا سکے۔ وزیراعظم نے کہا کہ حکومت نے قومی ایکشن پلان برائے انسانی حقوق 2026 کے ذریعے انسانی حقوق کے تحفظ اور معاشرتی ہم آہنگی کے فروغ کے لیے ایک جامع لائحہ عمل اپنایا ہے۔ اس پروگرام کا مقصد ملک میں بین المذاہب ہم آہنگی اور مذہبی رواداری کے فروغ، نفرت انگیز تقاریر اور امتیازی سلوک کی روک تھام، اقلیتوں اور کمزور طبقات کے تحفظ کو مضبوط بنانے، انصاف تک رسائی بہتر کرنے اور ادارہ جاتی احتساب کو مؤثر بنانے کے لیے ٹھوس اقدامات شامل ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ امن کی دائمی مضبوطی کا انحصار سماج کے اجتماعی شعور اور انفرادی فہم پر ہوتا ہے اس تناظر میں تعلیمی نظام میں اس عنصر کی تربیت ناگزیر ہے۔ جامعات میں شہری ذمہ داری، رواداری اور تنوع کے احترام کو تقویت دینا سماجی امن کا ضامن ہے۔ قومی ایکشن پلان کے تحت انسانی حقوق اور امن کی تعلیم کو شامل کرنا ہماری اس عزم کی عکاسی کرتا ہے کہ آنے والی نسلوں میں احترام، احساس ہمدردی اور پُرامن بقائے باہمی کی ثقافت کی حوصلہ افزائی کی جا سکے۔ وزیراعظم نے کہا کہ مزید براں، انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کے متاثرین کا تحفظ اور اداروں کی جانب سے بروقت اور مؤثر ردعمل شہریوں کا ریاست پر اعتماد کا مظہر ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ عالمی یوم امن پر میں تمام شہریوں سے اپیل کرتا ہوں کہ وہ نفرت، عدم برداشت اور امتیازی سلوک جیسی منفی اقدار کے سدباب میں اپنا کردار ادا کریں اور دوسروں کے ساتھ ہمدردی، مکالمے اور احترام کو فروغ دیں۔ امن کی ثقافت کو مضبوط بنانا حکومتی اداروں، سول سوسائٹی، مذہبی رہنماؤں، اساتذہ، ذرائع ابلاغ، معاشرے اور خاندان سمیت سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ اللہ تعالیٰ پاکستان اور پوری دنیا کو پائیدار امن اور خوشحالی عطا فرمائے۔ آمین

بقیہ 42

کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتیں اور قربانیاں قابل قدر ہیں۔ منگچر اور جائی میں 11 دہشت گردوں کو ہلاک کر کے دہشت گردوں کے مذموم عزائم ناکام بنانا سیکیورٹی فورسز کی مؤثر کارروائی اور قومی سلامتی کے تحفظ کے عزم کا مظہر ہے۔

گزشتہ کئی روز سے نالہ بند ہونے کے باعث گندا پانی سڑک پر بہنے سے شہریوں کو گزرنے میں شدید دشواری کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے

کوئٹہ میں صفائی کا فقدان وی آئی پی سڑکوں پر سیوریج کا گندا پانی بہنے لگا

صفائی کا فقدان ہونے کی وجہ سے شہر کی وی آئی پی سڑکوں پر سیوریج کا پانی بہنے سے صفائی انتظامیہ کے اقدامات اور دعوؤں کی قلعی کھول دی

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں صفائی کا فقدان ہونے کی وجہ سے شہر کی وی آئی پی سڑکوں پر سیوریج کا پانی بہنے سے صفائی انتظامیہ کے اقدامات اور دعوؤں کی قلعی کھول دی ریڈ زون کے قریب فیڈرل لاج کا گٹر اور سریاب پھاٹک کے قریب اکرم ہسپتال کے سامنے گزشتہ کئی روز سے نالہ بند ہونے کے باعث گندا پانی سڑک پر بہنے سے شہریوں کو گزرنے میں شدید دشواری کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ اس (باقی صفحہ 3 نمبر 36)

سندھ کے علاقے تھل کے رہائشی غلام عباس کا اہلیہ سمیت تحفظ فراہم کرنے کا مطالبہ

کوئٹہ (آن لائن) سندھ کے علاقے تھل کے رہائشی غلام عباس نے اپنی اہلیہ سونی کے ہمراہ وزیراعلیٰ بلوچستان، آئی جی پولیس اور متعلقہ حکام سے اپیل کی … (باقی صفحہ 3 نمبر 37)

میری ملکیت اراضی کی خرید وفروخت سے باز رہے، لعل محمد حریفال

ولد تقسیم علی خان زئی ژوب بلاک سی منڈل کھول کی اراضی جس کا رقبہ 51400 مربع فٹ ہے

ژوب (آن لائن) ژوب کے رہائشی لعل محمد حریفال نے پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ولد تقسیم علی خان زئی ژوب بلاک … موجود ہے انہوں نے کہا کہ جس شخص سے اور جس کے ذریعے یہ اراضی خریدی ہے اب وہ دونوں ظلم کی … (باقی صفحہ 3 نمبر 38)

کراچی: پاک بحریہ کے سربراہ ایڈمرل نوید اشرف سی اسپارک ایکسرسائز 2026 کا جائزہ لے رہے ہیں

مجھے یقین ہے کہ شہید میر مرتضیٰ بھٹو کو بھی انصاف ملے گا، بلاول بھٹو

شہید محترمہ بینظیر بھٹو نے کہا تھا کہ میر مرتضیٰ بھٹو کے قاتل بے نقاب ہوں گے

شہید میر مرتضیٰ بھٹو کا قتل ایک گھناؤنی سازش تھی

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے … شہید میر مرتضیٰ بھٹو کے 30ویں یوم شہادت پر … (باقی صفحہ 3 نمبر 4)

بانی پی ٹی آئی کی ہمشیرہ علیمہ خان کو لاہور میں ان کی رہائش گاہ سے گرفتار کر لیا گیا

چیئرمین پی ٹی آئی کی طرف سے علیمہ خان کی گرفتاری کی شدید مذمت اور فوری رہا کرنے کا مطالبہ

لاہور، اسلام آباد (آن لائن) … علیمہ خان کو لاہور میں ان کی رہائش گاہ سے گرفتار کر لیا گیا … (باقی صفحہ 3 نمبر 5)

جرائم پیشہ عناصر کی حوصلہ افزائی اور جرائم کے اصل اعداد و شمار چھپانے کے مترادف ہے، مولانا عبدالرحمن رفیق

کوئٹہ میں بدامنی اور لاقانونیت عروج پر پہنچ چکی ہے، جمعیت (ف)

پولیس اسٹیشنوں میں جرائم کی باقاعدہ ایف آئی آر درج نہیں کی جاتی بلکہ ابتدائی رپورٹ کے نام پر سائلین کو ٹرخا دیا جاتا ہے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمن رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، مولانا محب اللہ، مولانا محمد ایوب، شیخ مولانا عبدالاحد محمد حسنی، مولانا سعید احمد، حافظ سراج الدین، مفتی محمد روزی خان بادیزئی، مولانا محمد شعیب جدون، رحیم الدین ایڈووکیٹ اور مولانا محمد عارف شمشیر نے کہا ہے کہ صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں بدامنی اور لاقانونیت عروج پر پہنچ (باقی صفحہ 3 نمبر 1)

ڈپٹی کمشنر شیرانی سے عبدالغنی شیرانی کی سربراہی میں وفد نے ملاقات

متاثرین کی بحالی کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں گے، کلیم اللہ کاکڑ

شیرانی (خ ن) ڈپٹی کمشنر شیرانی کلیم اللہ کاکڑ سے عبدالغنی شیرانی کی سربراہی میں وفد نے ملاقات کی، ملاقات کے دوران چند روز قبل مغربل خوازہ کے علاقے میں بارش کے باعث آنے والی طوفانی ریلی کے نتیجے میں ہونے والے جانی و مالی نقصانات، متاثرہ خاندانوں کی مشکلات اور فوری امداد کی ضرورت پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفد نے ڈپٹی کمشنر کو متاثرہ علاقے اور متاثرین کی صورتحال سے آگاہ کرتے ہوئے مطالبہ کیا کہ متاثرہ خاندانوں کی ہر ممکن سرکاری سطح پر مدد اور نقصانات کا ازالہ یقینی بنایا جائے۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر شیرانی کلیم اللہ کاکڑ نے متاثرین سے دلی (باقی صفحہ 3 نمبر 2)

ایف سی کا بروقت اقدام فتنہ الہندوستان کے خوارج کی تخریب کاری سے متاثرہ این-40 شاہراہ کا پل بحال

مستونگ (آن لائن) فرنٹیئر کور کا بروقت اقدام، فتنہ الہندوستان کے خوارج کی تخریب کاری سے متاثرہ این-40 شاہراہ کا پل بحال کر دیا۔ ایف سی نے مستونگ کے قریب پنج پائی میں خوارج کی جانب سے تباہ پل کی فوری مرمت کے بعد آمدورفت بحال کر دی۔ ایف سی بلوچستان (باقی صفحہ 3 نمبر 3)

کوئٹہ چیمبر آف اسمال انڈسٹری کے انتخابات 2026-28 کا پہلا مرحلہ مکمل

پہلے مرحلے میں کارپوریٹ اور ایسوسی ایٹ کلاس سے تعلق رکھنے والے تمام امیدوار بلا مقابلہ منتخب ہو گئے ہیں

کاروباری برادری کو درپیش مسائل کے حل اور تجارت وصنعت کے فروغ کیلئے مشترکہ کوششوں اور موثر اقدامات کے عزم کا اظہار

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ چیمبر آف اسمال انڈسٹری کے سالانہ انتخابات برائے 2026-28 کا پہلا مرحلہ کامیابی سے مکمل ہو گیا۔ الیکشن کمیشن کے … (باقی صفحہ 3 نمبر 39)

بلوچستان پولیس کی عوامی شکایات کے فوری ازالے کیلئے ہیلپ لائن 1715 فعال

پولیس ہیلپ لائن: 1715 فون: 081920485 واٹس ایپ: 03043470110 بلوچستان پولیس نے شہریوں پر زور دیا

ناجائز یا نامناسب رویے، رشوت اور بدعنوانی سمیت فوری نوعیت کے قابل شکایت معاملات ہیلپ لائن 1715 پر رپورٹ کر سکتے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان پولیس کی جانب سے عوام کو انصاف کی فراہمی اور عوامی شکایات کے فوری اندراج اور اس پر کارروائی کے حوالے سے پولیس ہیلپ لائن 1715 فعال بنا دی گئی ہے۔ جس پر شہری اپنی شکایت کا اندراج کرا کر فوری کارروائی کے حصول کو ممکن بنا کر انصاف حاصل کر سکتے ہیں۔ بلوچستان پولیس کے ترجمان کے مطابق بلوچستان پولیس کی جانب سے آگاہی کے سلسلے میں شہری ایف آئی آر یا شکایت (باقی صفحہ 3 نمبر 6)

میرا 22 سالہ بیٹا گزشتہ ڈھائی سال سے لاپتہ ہے، عبداللہ جان

اگر اس کا تعلق کسی مسلح تنظیم سے ہوا تو میرا اور میرے خاندان کا اس سے کوئی تعلق نہیں ہوگا

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ نواں کلی کے رہائشی عبداللہ جان نے کہا ہے کہ میرا 22 سالہ بیٹا گزشتہ ڈھائی سال سے لاپتہ ہے اس کو تلاش کرنے کی بہت کوشش کی لیکن کچھ معلوم نہیں ہو سکا اگر اس کا تعلق کسی مسلح تنظیم سے ہوا تو میرا اور میرے خاندان کا اس سے کوئی تعلق نہیں ہوگا۔ یہ بات انہوں نے اتوار کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کہی۔ انہوں نے (باقی صفحہ 3 نمبر 7)

جماعت اسلامی نوشکی کا اہم مشاورتی اجلاس

نوشکی (آن لائن) جماعت اسلامی نوشکی کے ارکان کا ایک اہم اور غیر معمولی مشاورتی اجلاس منعقد ہوا، جس کی صدارت (باقی صفحہ 3 نمبر 35)

حکیم نادر عباس تائیکوانڈو چیمپئن شپ، نیشنل تائیکوانڈو کلب کی شاندار کارکردگی

نوجوان پلیئرز زحاد شاہد اور حرم نے گولڈ میڈلز جبکہ حسان شاہد اور عباد عادل مرزا نے سلور میڈلز حاصل کیے

کوئٹہ (آن لائن) پانچویں حکیم نادر عباس تائیکوانڈو چیمپئن شپ میں نیشنل تائیکوانڈو کلب کے ینگ پلیئرز نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے چار میڈلز جیت کر کلب کا نام روشن کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان میں تائیکوانڈو کھیل کو متعارف کرانے والے تائیکوانڈو ماسٹر حکیم نادر عباس (مرحوم) کو خراج تحسین پیش کرنے کیلئے این ایس تائیکوانڈو کلب ماڈل ٹاؤ (باقی صفحہ 3 نمبر 8)

نوشکی میں شدید فائرنگ کی آوازیں، بھاری ہتھیاروں کا استعمال

نوشکی (آن لائن) نوشکی میں شدید فائرنگ کی آوازیں، بھاری ہتھیاروں کا استعمال، اطلاعات کے مطابق فٹ بال اسٹیڈیم اور سندی کی جانب سے سیکیورٹی فورسز کے نا (باقی صفحہ 3 نمبر 11)

ڈیزل کی قیمت میں حقیقی اور فوری کمی کی جائے: بلوچستان گڈز

سبسڈی کے پیچیدہ چکروں سے عوام کو نکالا جائے، ترجمان کا مطالبہ

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان گڈز ٹرک اونرز ایسوسی ایشن کے ترجمان نے کہا ہے کہ ڈیزل کی مسلسل بلند قیمتوں نے ٹرانسپورٹرز، کاروباری طبقے اور عام عوام کو شدید مشکلات سے دوچار کر دیا ہے۔ وزیراعظم پاکستان اور متعلقہ ذمہ داران سے مطالبہ ہے کہ عوام کو سبسڈی کے پیچیدہ طریقہ؟ کار میں الجھانے کے بجائے ڈیزل اور پٹرول کی فی لیٹر قیمت میں براہ راست اور واضح کمی (باقی صفحہ 3 نمبر 9)

حاجی محمد ابراہیم زہری کی سربراہی میں ایک وفد نے ڈی جی ایگریکلچر انجینئرنگ آغا علی رضا سے ملاقات

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان ڈپلومہ انجینئرز فیڈریشن کے صوبائی جنرل سیکرٹری حاجی محمد ابراہیم زہری کی سربراہی میں ایک وفد نے ڈی جی ایگریکلچر انجینئرنگ آغا علی رضا سے ملاقات کی وفد میں عبدالغنی سالائی اور یونس خان (باقی صفحہ 3 نمبر 10)

کوئٹہ، پارلیمانی سیکرٹری میر لیاقت لہڑی نیشنل ٹاؤن شاہ زمان روڈ حافظ انجینئر محمد ندیم قاضی، حبیب بلوچ اور دیگر کی پیپلز پارٹی میں شمولیت کے موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

پیپلز پارٹی عوام کی بلا رنگ ونسل خدمت کر رہی ہے، خان محمد بڑیچ

پارٹی کے جیالے پاکستان پیپلز پارٹی کیلئے ایک قیمتی اثاثہ ہیں، رہنما پی پی پی

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی رہنما حاجی خان محمد بڑیچ نے کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی عوام کی بلا رنگ ونسل خدمت کر رہی ہے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں صوبے میں امن وامان، صحت، تعلیم اور روزگار کے شعبوں میں کیے جانے والے ٹھوس اقدامات قابل تحسین ہیں، پارٹی کے کارکن ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں ان کے جائز مسائل کے حل کیلئے عملی اقدامات ناگزیر ہیں۔ یہ بات انہوں نے اتوار کو اپنی رہائش گاہ پر ملاقا (باقی صفحہ 3 نمبر 34)

پانچ دہشت گردوں کو ہلاک کرنا اہم کامیابی ہے، شاہد رند

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان کے معاون برائے اطلاعات وسیاسی امور شاہد رند نے قلات کے قریب دہشت گردوں کے خلاف سیکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائی کو سراہتے ہوئے (باقی صفحہ 3 نمبر 33)

مکہ مکرمہ ہماری ریڈ لائن ہے: سنی علماء کونسل کوئٹہ

مقدس مقامات کی طرف کسی بھی جارحیت کو قبول نہیں کیا جائیگا

حرمین شریفین کی سلامتی پوری امت مسلمہ کیلئے انتہائی اہمیت رکھتی ہے

کوئٹہ (آن لائن) سنی علماء کونسل کوئٹہ کے صدر علامہ عبدالرحیم ساجد، جنرل سیکرٹری قاری محمد ایوب معاویہ، مولانا مقبول شاہ، مولانا محمد ایوب انصاری، قاری نذیر احمد فاروقی، مولانا فضل صدیقی، مولانا عبدالرازق، شکیل احمد گجر، میر عبدالمالک رند اور محمد آصف مینگل نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ مکہ مکرمہ ہماری ریڈ لائن ہے، حرمین شریفین کی طرف کسی بھی قسم کی جارحیت یا حملے کی کوشش ناقابل قبول اور قابل مذمت ہے۔ انہوں نے کہا کہ بیت اللہ شریف صرف سعودی عرب ہی نہیں بلکہ پوری امت مسلمہ کے ایمان، عقیدت (باقی صفحہ 3 نمبر 12)

محکمہ سماجی بہبود گوادر کا 25 غیر سرکاری تنظیموں فلاحی اداروں اور سوسائٹیز کو معلوماتی پرفارما جمع نہ کرانے پر حتمی شوکاز نوٹس

گوادر (خ ن) محکمہ سماجی بہبود گوادر نے ضلع میں کام کرنے والی 25 غیر سرکاری تنظیموں، فلاحی اداروں اور سوسائٹیز کو معلوماتی پرفارما جمع نہ کرانے پر حتمی شوکاز نوٹس جاری کرتے (باقی صفحہ 3 نمبر 32)

نوشکی میں سیکیورٹی فورسز اور نوشکی انتظامیہ کی جانب سے کرفیو کا نفاذ

کوئٹہ (آن لائن) نوشکی میں ایک مرتبہ پھر کرفیو نافذ اطلاع برائے عوام الناس، نفاذ مکمل کرفیو ضلع نوشکی میں ہوگا اعلامیہ منجانب نوشکی انتظامیہ و سیکیورٹی فورسز مورخہ 21 ستمبر بروز سوموار کو تمام ضلع نوشکی شہر و مضافات، میں مکمل کرفیو نافذ رہیگا، تمام شہری دوران کرفیو اپنے اپنے گھروں میں رہے باہر نہ نکلے، مریضوں یا ایمرجنسی کی صورت میں سول انتظامیہ و سیکیورٹی فورسز سے رابطہ کریں خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

بلوچستان حقیقی تبدیلی کی جانب گامزن، صحت وتعلیم کی معیاری سہولیات اور باعزت روزگار کی فراہمی پر توجہ ہے

صحت، تعلیم اور باعزت روزگار تک رسائی پائیدار ترقی کی بنیاد ہے، ظہور بلیدی

بائیکر کے میر غلام قادر بگٹی میموریل ہسپتال میں 100 بڑی سرجریز مکمل، دور دراز علاقوں میں طبی سہولیات کی فراہمی اہم پیش رفت قرار

کوئٹہ (خ ن) وزیر منصوبہ بندی و ترقیات بلوچستان میر ظہور احمد بلیدی نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر اپنے بیان میں کہا ہے کہ بلوچستان حقیقی تبدیلی کی جانب پیش رفت کر رہا ہے، جہاں عوام کو معیاری صحت وتعلیم کی سہولیات کے ساتھ باعزت روزگار کے بہتر مواقع فراہم کرنے پر توجہ دی جا رہی ہے۔ میر ظہور بلیدی نے کہا کہ معیاری صحت اور تعلیم تک عوام کی رسائی اور باوقار روزگار کے مواقع پائیدار ترقی (باقی صفحہ 3 نمبر 31)

ڈھاڈر، سیکرٹری پی ٹی اے بلوچستان کی ہدایت پر قلم دین چیک پوسٹ پر ٹریفک پولیس بچھلی غیر قانونی روٹ استعمال کرنے اور غیر پرمٹ گاڑیوں کے خلاف کارروائی کر رہی ہے

قلات میں کسانوں کی زرعی ترقی اور خوشحالی کیلئے اہم اور خوش آئند اقدامات کا آغاز

قلات (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی کی ہدایت پر ضلع قلات میں کسانوں کی زرعی ترقی اور خوشحالی کے لیے ایک اہم اور خوش آئند اقدامات کا آغاز کیا گیا اس سلسلے میں محکمہ زراعت) توسیع (کے دفتر میں ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا، جہاں مقامی زمینداروں (باقی صفحہ 3 نمبر 30)

کوئٹہ: ڈبل روڈ پر ہسپتال کے قریب جمع ہونے والے سیوریج کے پانی کا منظر، جس سے مسافروں کو مشکلات کا سامنا ہے

پولیو مہم کے دوران کوئی بچہ قطرے پینے سے محروم نہ رہے، عائشہ زہری

والدین اور معاشرے کے تمام طبقات موثر کردار ادا کریں، ڈپٹی کمشنر قلات

قلات (خ ن) بلوچستان کے ضلع قلات میں چار روزہ پولیو مہم کا افتتاح، ڈپٹی کمشنر قلات انجینئر عائشہ زہری نے بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلا کر چار روزہ پولیو مہم کا باقاعدہ افتتاح کیا اس موقع پر ڈپٹی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر محمد اقبال نورزئی، پولیو فوکل پرسن وحید بلوچ، عبدالفتاح دہوار، ٹی ایس اے ڈبلیو ایچ او قلات عمیر احمد، لکری عبدالمالک اور بی ایچ آئی کے اسسٹنٹ غلام فاروق نے بھی بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائیں اور فنگر مارکنگ کی ڈپٹی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر محمد اقبال نورزئی نے ڈپٹی کمشنر قلات کو بتا (باقی صفحہ 3 نمبر 27)

خاران میں پولیس اور مبینہ ڈاکوؤں کے آمنے سامنے فائرنگ کے تبادلے میں ایک زخمی گرفتار دوسرا فرار

کوئٹہ (آن لائن) خاران پولیس نے فائرنگ کے تبادلے کے بعد ملزم کو زخمی حالت میں گرفتار کر کے مسروقہ موبائل فون، ہزاروں روپے اور موٹر سائیکل برآمد کر لی۔ پولیس کے مطابق گزشتہ روز پولیس کو اطلاع ملی تھی کہ نامعلوم راہزن خاران میں ڈکیتی کی وارداتیں کر رہے ہیں (باقی صفحہ 3 نمبر 26)

خان میر احمد یار خان پریس کلب قلات کا اہم اجلاس

متعلقہ حکام کی توجہ عوامی مسائل کے حل کی جانب مبذول کرائی جا سکے

قلات (آن لائن) خان میر احمد یار خان پریس کلب قلات کا ایک اہم اجلاس صدر پریس کلب میر شادی خان مینگل کی زیر صدارت منعقد ہوا، اجلاس میں جنرل سیکرٹری میر غلام حسین شاہوانی نے پریس کلب کے مختلف امور سے متعلق متعدد ایجنڈے پیش کیے، اجلاس میں سینئر نائب صدر فیض بجاری، ڈپٹی جنرل سیکرٹری یوسف مینگل، نائب صدر اول آغا قادر شاہ، نائب صدر عبداللہ لہڑی، آفس سیکرٹری عبدالواحد دہوار، پریس سیکرٹری امجد سلامی، آڈیٹر مقبول شاہوانی نے شرکت کی، اجلاس کے دوران پریس کلب کے مختلف مسائل، انتظامی امور اور صحافیوں اور (باقی صفحہ 3 نمبر 28)

کوئٹہ میں تجاوزات کے خلاف کارروائیوں کا دائرہ وسیع

اینٹی انکروچمنٹ ٹیموں کو یونیفارم، مخصوص کیپس اور شناختی کارڈ جاری کرنے کا فیصلہ

کوئٹہ (خ ن) کوئٹہ ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ بشیر احمد بڑیچ نے اینٹی انکروچمنٹ اور انفورسمنٹ ٹیم کے اہلکاروں میں یونیفارم اور میٹروپولیٹن کارپوریشن کی مخصوص ٹوپیاں تقسیم کیں۔ اس موقع پر انہوں نے اہلکاروں سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کوئٹہ شہر میں تجاوزات کے خاتمے اور شہری نظم وضبط کی بہتری کے لیے اینٹی انکروچمنٹ اور انفورسمنٹ ٹیمیں فعال انداز میں اپنی ذمہ داریاں انجام دے رہی ہیں۔ ایڈمنسٹریٹر (باقی صفحہ 3 نمبر 24)

حاجی جمعہ خان بڑیچ انتقال کر گئے

کوئٹہ (آن لائن) حاجی جمعہ خان بڑیچ انتقال کر گئے وہ مرحوم حاجی کبیر بڑیچ مرحوم یار محمد بڑیچ اور ایم کیو ایم پاکستان صوبائی نائب صدر کمانڈر ناصر خان بڑیچ کا دادا اور محمد صادق خلیل احمد جلیل احمد کا والد محمد نسیم محمد اسلم حاجی خالد محمد طارق کے چچا تھے ایم کیو ایم پاکستان کے چیئرمین (باقی صفحہ 3 نمبر 25)

لورالائی یونیورسٹی کے وائس چانسلر کا آمرانہ اقدام قابل مذمت ہے، پشتونخوا ایس او

قادر خان ناصر و دیگر طلباء کیخلاف انتظامیہ کی انتقامی کارروائی قابل افسوس ہے، فوری بحالی کا مطالبہ

لورالائی (آن لائن) پشتونخوا سٹوڈنٹس آرگنائزیشن جنوبی پشتونخوا زون، لورالائی یونیورسٹی کی انتظامیہ اور وائس چانسلر کی جانب سے تنظیم کے فعال کارکن اور یونیورسٹی کے ہونہار طالب علم قادر خان ناصر اور دیگر طلبہ کو سیاسی سرگرمیوں اور ذاتی بغض اور عناد کی پاداش میں یونیورسٹی سے نکالنے کے غیر آئینی، غیر قانونی اور طلبہ دشمن اقدام کی شدید ترین الفاظ میں مذمت کرتی ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ نکالے گئے طلبہ گزشتہ کئی ماہ سے مسلسل یونیورسٹی انتظامیہ کے انتقامی رویے کا سامنا کر رہے تھے انہیں بار بار دھمکایا گیا، ان کی تعلیمی سرگرمیوں میں رکاو (باقی صفحہ 3 نمبر 29)

کوئٹہ ویسٹ کا ہیڈ کوارٹر کاسریاب سے منتقل کرنے کی کوشش پر تشویش ہے، بکری نظر محمد مینگل

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی (عوامی) کے مرکزی سینئر نائب صدر بکری نظر محمد مینگل نے کوئٹہ ویسٹ کے ضلعی ہیڈکوارٹر کو سریاب روڈ سے کسی دوسرے مقام پر منتقل کرنے سے متعلق دائر کی گئی آئینی درخواست پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ضلع کی انتظامی (باقی صفحہ 3 نمبر 18)

بلوچستان بھر میں 23 لاکھ بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جائیں گے، انعام الحق

بلوچستان کے 32 اضلاع میں سات روزہ انسداد پولیو مہم 21 ستمبر سے شروع ہوگی، بات چیت

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان کے 32 اضلاع میں سات روزہ انسداد پولیو مہم پیر 21 ستمبر 2026 سے شروع ہوگی، جس کے دوران صوبے بھر میں پانچ سال سے کم عمر (باقی صفحہ 3 نمبر 19)

حکومت عوام کی فلاح و بہبود، ترقیاتی منصوبوں اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کیلئے عملی اقدامات کر رہی ہے

عوامی مسائل کا حل اور بنیادی سہولیات کی فراہمی حکومتی اولین ترجیح ہے، فیصل جمالی

حلقہ انتخاب کے عوام کے مسائل دہلیز پر حل کیے جائیں گے، غفلت اور تاخیر کسی صورت برداشت نہیں، صوبائی وزیر

اوستہ محمد (آن لائن) صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردار زادہ فیصل خان جمالی نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت عوامی مسائل کے حل اور عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے بھرپور اقدامات کر رہی ہے۔ عوامی خدمت کو اپنا نصب العین سمجھتے ہیں حلقہ انتخاب کے عوام کو درپیش مسائل ان کی دہلیز پر حل کیے جائیں گے۔ انہوں نے یہ بات اپنی رہائش گاہ پر مختلف قبائلی عمائدین سے ملاقات کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے (باقی صفحہ 3 نمبر 17)

جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے ترجمان عبدالغنی شہزاد ضلعی ڈیجیٹل میڈیا ٹیم کے اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

آل پارٹیز ایکشن کمیٹی بھاگ کے زیر اہتمام گرینڈ جرگے کا انعقاد

ڈکیتی اور لوٹ مار کی مسلسل وارداتوں کے باعث عوام شدید خوف وتشویش میں مبتلا ہیں

بھاگ (آن لائن) بھاگ ناڑی میں امن وامان کی بگڑتی ہوئی صورتحال، چوری، ڈکیتی، لوٹ مار اور دیگر وارداتوں کے خلاف آل پارٹیز ایکشن کمیٹی بھاگ کے زیر اہتمام ایک اہم گرینڈ جرگے کا انعقاد کیا گیا، جس میں بھاگ ناڑی اور تحصیل بھر سے قبائلی معتبرین، سیاسی و سماجی شخصیات، علماء کرام، صحافیوں اور عوامی حلقوں نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ جرگے (باقی صفحہ 3 نمبر 14)

اظہار تعزیت

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان ڈپلومہ انجینئرز فیڈریشن کے صوبائی صدر حاجی نورزمان کاکڑ، صوبائی جنرل سیکرٹری حاجی محمد ابراہیم زہری، نائب صدر حضرت علی اچکزئی، حاجی کر (باقی صفحہ 3 نمبر 16)

کوئٹہ ٹرک کی ٹکر سے تیل لے جانے والے موٹر سائیکل میں آگ لگنے سے نوجوان ہلاک

کوئٹہ (آن لائن) تھانہ سونا خان کی حدود میں ٹرک کی ٹکر سے تیل لے جانے والے موٹر سائیکل میں آگ لگنے سے نوجوان ہلاک ہو گیا فائر بریگیڈ کی ٹیم نے موقع پر پہنچ کر آگ پر قابو پا لیا تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز تھانہ سونا خان کے قریب تیز رفتار ٹرک اور پیٹرول لانے والی موٹر سائیکل کے درمیان تصادم ہوا جس کے نتیجے میں موٹر سائیکل میں آگ بھڑک ا (باقی صفحہ 3 نمبر 13)

تھانہ شالکوٹ کے علاقے فروٹ منڈی سے ایک نامعلوم شخص کی پرانی نعش ملی

کوئٹہ (آن لائن) تھانہ شالکوٹ کے علاقے فروٹ منڈی سے ایک نامعلوم شخص کی پرانی نعش ملی جس کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا (باقی صفحہ 3 نمبر 15)

کوہاٹ پولیس لائنز مسجد میں خودکش حملہ ناقابل معافی جرم ہے، سینیٹر محمد عبدالقادر

حکومت سہولت کاروں اور پورے دہشت گرد نیٹ ورک تک پہنچے، چیئرمین کمیٹی

مساجد اور نمازیوں کو نشانہ بنانے والے عناصر کا اسلام اور انسانیت سے کوئی تعلق نہیں

کوئٹہ (آن لائن) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے وفاقی پیداوار و سینیٹر محمد عبدالقادر نے اپنے خصوصی بیان میں کہا ہے کہ خیبر پختونخوا ایک مرتبہ پھر دہشت گردی کے سنگین وار کی زد میں آ گیا ہے۔ کوہاٹ اولڈ پولیس لائنز کی مسجد میں نماز جمعہ کے دوران ہونے والا خوفناک خودکش حملہ انتہائی افسوسناک، قابل مذمت اور ناقابل معافی جرم ہے۔ انہوں نے کہا کہ مسلمانوں اور ان (باقی صفحہ 3 نمبر 20)

اے این پی پشتون ثقافت، زبان، تاریخ اور قومی اقدار کے تحفظ اور فروغ کو ہمیشہ اہمیت دیتی رہی ہے، حضرت علی اچکزئی

کوئٹہ (آن لائن) عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی سیکرٹری ثقافت حضرت علی اچکزئی نے کہا ہے کہ پشتون خوا اور بلوچستان میں حالیہ دردناک واقعات اور بڑے پیمانے پر ہونے والے جانی نقصانات کے پیش نظر عوامی نیشنل پارٹی نے رواں سال 23 ستمبر کو پشتون کلچر ڈے کے (باقی صفحہ 3 نمبر 21)

نوجوان وکلاء کی نئی قیادت سے مثبت کردار کی امید ہے، انور بلوچ

اعتماد پر پورا اترتے ہوئے اپنی ذمہ داریاں احسن انداز میں ادا کرے گی

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی (عوامی) کے مرکزی ترجمان انور بلوچ نے ینگ لائرز ایسوسی ایشن کے انتخابات میں عالمگیر مندوخیل کو صدر اور اسرار بنگش کو جنرل سیکرٹری منتخب ہونے پر مبارکباد دیتے ہوئے نومنتخب کابینہ کے تمام اراکین کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ینگ لائرز ایسوسی ایشن کے انتخابات میں نوجوان وکلاء کی فعال شرکت اور جمہوری طریقہ کار کے ذریعے اپنی نمائندہ قیادت کا انتخاب ایک حوصلہ افزا پیش رفت ہے۔ وکلاء معاشرے کا ایک باشعور طبقہ ہیں جو آئین، قانون، انصاف اور شہری حقوق کے تحفظ کے لیے اہم کر (باقی صفحہ 3 نمبر 22)

کوئٹہ مختلف علاقوں میں کریک ڈاؤن اور کارروائیوں کا سلسلہ مسلسل جاری

کوئٹہ (آن لائن) ڈائریکٹر جنرل سوشل ویلفیئر بلوچستان میر سیف اللہ خان کھیتران کی خصوصی ہدایات پر کوئٹہ شہر کو پیشہ ورانہ گداگری سے پاک کرنے کے لیے سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ اور ضلعی انتظامیہ کوئٹہ غربی کی جانب سے مختلف علاقوں میں کریک ڈاؤن اور کار (باقی صفحہ 3 نمبر 23)

مرکزی انجمن تاجران کے صدر عبدالرحیم کاکڑ، فضل الرحمن، حضرت علی اچکزئی، یاسین مینگل، عمران ترین، سعداللہ چکزئی، ظفر کاکڑ، کلیم اللہ ترین، اللہ داد، اور آغا جان درویش سوک موبائل ٹاور کے نومنتخب کابینہ کی تقریب حلف برداری سے خطاب کر رہے ہیں

چیف ایڈیٹر وپبلشر محمد عاطف خان نے السعید پرنٹنگ پریس مشن روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ تعمیر وطن کوئٹہ اسٹینڈرڈ کمپلیکس مشن روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ فون، فیکس: 2824878 موبائل نمبر: 03337867133 ای میل: twnisb@gmail.com tameerewatan33@gmail.com